اور مریض سے کہے کہ عطر پر نظر جمائے رکھے خوشبودار پھول مریض کے پاس رکھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیب حاضر ہوگا اور مریض اسے دیکھے گا اور بات کرے گا۔ مریض کی جن و آسیب سے قول و قرار کے بعد اسے جانے کی اجازت دے۔

شکل یہ ہے ←

فلاں ابن فلاں کی جگہ مریض اور اس کی ماں کا نام لکھے۔

آسیب کو حاضر کرنے کا عمل

آسیب کو حاضر کرنے کے لئے مندرجہ ذیل عزیمت کو باوضو تیرہ ۱۳ مرتبہ ہلدی، لہسن اور کالے بکرے کے بالوں پر پڑھ کر دم کریں پھر اس سے مریض کو دھونی دیں۔ انشاء اللہ

فوراً حاضری ہوگی۔

عزیمت یہ ہے۔

اَبْرَعْتُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَقُدْرَتِهٖ اِسْتَفْتَحْ فُهُوْشٍ قَرَهُ قَرَهُ شَتْ هَدَمًا هَدَمًا بَرِئِيًّا اُحْضُرُوْا يَا اَصْحَابَ الْجِنِّ وَالشَّيٰطِيْنِ مِنْ جَانِبِ الْاَيْمَنِ وَ الْاَيْسَرِ مِنْ جَانِبِ الْمَشَارِقِ وَالْمَغَارِبِ بِحَقِّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ۔

آسیب کو حاضر کرنیکے بعد عامل کو اختیار ہے کہ چاہے قول و قرار کے بعد آزاد کردے یا قید کردے یا جلا کر راکھ کردے۔

آسیب و جن کو بھگانے، حاضر کرنے اور شرارت سے روکنے کا عمل

اوّل سورۂ قریش کی زکوٰۃ ادا کرے۔ طریقہ یہ ہے کہ بروز جمعرات بعد نمازِ عشاء تین ہزار ایک سو پچیس (۳۱۲۵) مرتبہ باوضو سورۂ قریش (پارہ ۳۰) روزانہ چالیس روز تک پڑھے، ترکِ حیوانات اور پرہیز جلالی کرے۔ چالیسویں روز شیرینی تقسیم کرے اور ایصال ثواب کرے اس کے بعد یعنی چلّہ پورا ہونے کے بعد ۲۱ مرتبہ روزانہ مذکورہ سورت پڑھتا رہے۔

سورۂ قریش کے عامل میں مندرجہ ذیل خصوصیات انشاء اللہ تعالیٰ پیدا ہوں گی۔

(۱) اگر عامل کسی آسیب زدہ کو اپنا سلام کہلا کر بھیجے گا

تو آسیب فوراً بھاگ جائے گا۔

(۲) اگر سورۃ قریش عطر یا پھول پر سات مرتبہ دم کر کے مریض کو سنگھا دے گا تو آسیب فوراً حاضر ہو گا۔

(۳) اگر سات مرتبہ سورۃ قریش پانی پر دم کر کے آسیب زدہ کے اوپر چھینٹیں دے گا تو آسیب چیخے اور چلائیگا اور مثل آگ کے جلے گا۔

(۴) اگر عامل آسیب کو مریض ہی کے بدن میں قید کرنا چاہے تو تین گنڈے نیلے رنگ کے سات سات ڈورے کے سات گرہ کے ساتھ تیار کرے۔ اوّل گنڈا جو مریض کے گلے میں باندھا جائے گا اس میں درمیان کی تین گرہ تین چھندوں کی لگائے اور ہر گرہ پر گیارہ گیارہ مرتبہ مذکورہ سورت پڑھ کر دم کرے باقی چار گرہ پر سات سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے اسی طرح دو گنڈے اور تیار کرے اور انہیں مریض کے دائیں بائیں بازو پر باندھے۔ جب تک یہ گنڈے نہیں کھولے جائیں گے۔ آسیب فرار نہیں ہو سکے گا۔

(۵) اگر آسیب دوران گفتگو پریشان کر رہا ہو تو ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ سورۃ قریش پڑھ کر عطر یا پھول پر دم کر کے مریض کو سنگھائے انشاء اللہ تعالیٰ وہ عاجز اور تنگ ہو کر اطاعت کی راہ اختیار کرے گا۔

(۶) اگر کسی بھی مریض کو سورۃ قریش پانی پر گیارہ مرتبہ دم کر کے پلائے تو انشاء اللہ مریض کو ہر مرض سے نجات ملے گی۔

بندشِ آسیب و جن

آسیب و جن کو قید کرنا

جب کسی مریض کے سر پر عامل نے کسی آسیب و جن کو حاضر کیا ہو یا بذات خود آسیب و جن حاضر ہوا اور اس کو قید کرنا ہو تو سرخ ریشم کا دھاگہ لے اور پھر سات تار کا ایک گنڈا بنائے اس طرح سات سات تار کے پانچ گنڈے بنالے اور ہر گنڈے پر سات گرہ لگائے۔ ہر گرہ پر مندرجہ ذیل آیت باوضو پڑھکر دم کرکے پھر گرہ کو بند کرے۔ بوقتِ ضرورت ایک گنڈا مریض کے گلے میں باندھے، دوسرا داہنے بازو پر باندھے تیسرا بائیں بازو پر باندھے چوتھا گنڈا داہنے پیر میں اور پانچواں گنڈا بائیں پیر میں باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیب و جن قید ہو گا اور راہِ فرار اختیار نہ کر سکے گا۔ جب تک بندھے رہیں گے۔ آیت یہ ہے۔

خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَعَلٰى سَمْعِهِمْ وَعَلٰى اَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ وَّلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝

آسیب و جنات کو قید کرنے کا عمل

آسیب و جنات کو قید کرنے کیلئے اس عزیمت کو باوضو

پڑھیے۔ انتہائی مفید اور مجرب ہے۔ اگر مریض عورت ہے دائیں ہاتھ کی بیچ کی انگلی۔ دونوں انگلیوں کو اپنے سیدھے ہاتھ میں پکڑے اور اگر مریض مرد ہے تو اس کے داہنے ہاتھ کی مٹھی بند کرا کر اپنے ہاتھ میں اس کا دایاں ہاتھ پکڑے اور مندرجہ ذیل عزیمت کو سات مرتبہ باوضو پڑھ کر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ آسیب و جن قید ہوگا اور راہِ فرار اختیار نہ کر سکے گا۔

عزیمت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا ذَکَرُ طَاھِرِیْنَ مِنْ کُلِّ اٰفَۃٍ بِقُیُوْدِیْہِ یَا رُوْحُ یَا قُدُّوْسُ بِحَقِّ سُلَیْمَانَ اِبْنِ دَاؤدَ عَلَیْہِ السَّلَام بند شو۔

حصار جس سے جن و آسیب بھاگ نہیں سکتا

اس حصار کو تین مرتبہ باوضو پڑھ کر چھری یا چاقو پر دم کر کے آسیب زدہ کے چاروں طرف حصار کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیب بھاگنے نہ پائے گا۔ وہ حصار یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ گرد بگرد حصار در ہزار حصار باد مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ گرد آن حصار بستم قفل لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ

رَسُوْلُ اللّٰہِ صُمٌّ بُکْمٌ عُمْیٌ فَھُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ ۝

آسیب وجن کو حاضر ہونے کے بعد قید کرنا

آسیب وجن کو حاضر ہونے کے بعد قید کرنے کیلئے مریض کے پیشانی کے بالوں پر (چند بالوں پر) تین گرہ لگائے۔ پہلی گرہ کو بند کرتے وقت عَلِیْقًا مَلِیْقًا اَنْتَ تَعْلَمُ مَا فِیْ قَلْبِہٖ طَلِیْقًا پڑھ کر دم کرے۔ پھر گرہ کو بند کرے۔ دوسری گرہ پر سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ ۝ خَتَمَ اللّٰہُ عَلٰی قُلُوْبِھِمْ وَعَلٰی سَمْعِھِمْ وَعَلٰٓی اَبْصَارِھِمْ غِشَاوَۃٌ وَّلَھُمْ عَذَابٌ عَظِیْمٌ ۝ پڑھ کر دم کرکے گرہ لگائے۔ تیسری گرہ پر فَکُبْکِبُوْا فِیْھَا ھُمْ وَالْغَاوٗنَ ۝ وَجُنُوْدُ اِبْلِیْسَ اَجْمَعُوْنَ ۝ عَقَدْ ثُمَّ عَقَدْ ثُمَّ عَقَدْ ثُمَّ عَمْرُوْشٍ عَمْرُوْشٍ عَمْرُوْشٍ قُرَیْشٍ قُرَیْشٍ قُرَیْشٍ حَسْبُنَا حَسْبُنَا بِحَقِّ سلیمان ابن داؤد علیھما السلام بند شو بند شو بند شو تا من نکشایم ھیچ نکشاید۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیب وجن قید ہوں گے اور فرار نہ ہوسکیں گے۔

آسیب وجن کو حاضر کرنا اور وعدہ لینا کہ کسی کو نہ ستائے گا

اول باوضو چاروں قُل پڑھیں پھر سورۂ قریش (پارہ ۳۰) پڑھیں اور یہ دو آیتیں پڑھیں فَکُبْکِبُوْا فِیْھَا ھُمْ وَالْغَاوٗنَ ۝

وَجُنُوْدُ اِبْلِیْسَ اَجْمَعُوْنَ ۝ پھر اس کے بعد آسیب زدہ کے بال اپنے ہاتھ میں لیکر اسی عمل کا پھر تکرار کریں اور آخر میں یہ آیت پڑھ کر بالوں میں گرہ لگادیں۔ اِنَّا اَعْتَدْنَا لِلْکٰفِرِیْنَ سَلٰسِلَا وَاَغْلٰلًا وَّسَعِیْرًا ۝

عامل کو چاہیئے کہ اس طرح کے عملیات کرتے وقت اپنا حصار کرلے اور رانڈ کی لکڑی اپنے پاس رکھے۔ اگر آسیب زیادہ پریشان کرے تو رانڈ کی لکڑی سے مریض کو آہستہ آہستہ مارے اگر اس پر بھی آسیب عاجز نہ ہوں تو ایک نیلے رنگ کا فتیلہ بنائے جس میں یہ اسماء لکھے۔

فرعون لعین، شداد لعین، قارون لعین، نمرود مردود، ابلیس تبلیس۔

اس کاغذ کو جس پر یہ اسماء تحریر ہوں، نیلا کپڑا لپیٹ کر اس پر مندرجہ ذیل عزیمت تین بار پڑھ کر دم کردیں پھر اس کو جلا کر اس کا دھواں مریض کی ناک میں پہنچائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ فوراً اثر ہوگا۔

عزیمت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ عَلَیْقًا تَلِیْقًا خَالِقًا خَلُوْقًا اَنْتَ تَعْلَمُ مَا فِیْ قُلُوْبِھِمْ مَلِیْقًا مَا نَرْقَہٗ مَالُوْقَ وَرَالُوْقَ فِرْعَوْنَ نَمْرُوْدَ شَدَّادَ وَعَدَّادَ۔

اس کے بعد آسیب بہت زیادہ گریہ وزاری کرے اور کہے مجھے چھوڑ دو دہائی سلیمان دہائی فیقطوش دہائی محمد رسول اللہ کی دے اس سے شرط رکھیں اور عہد کرائیں کہ آئندہ وہ کسی انسان کو تکلیف نہیں دے گا۔ جب وہ عہد کرلے تو پھر بال مریض کے کھول دیں اگر گرہ نہ کھلے تو بال کاٹ دیں۔

جن کو بوتل میں بند کرنے کا عمل

سب سے پہلے مندرجہ ذیل عزیمت کی زکوٰۃ ادا کرے، اس کا طریقہ یہ ہے کہ عروج ماہ میں شروع کرے اور بعد نمازِ عشاء ایک سو اکیس (۱۲۱) مرتبہ روزانہ پڑھے، چالیسویں دن بزرگان دین کو ایصالِ ثواب کرے اور کچھ شیرینی بچوں میں تقسیم کرے، بہتر ہے کہ سفید زردہ پکا کر کمسن بچوں کو کھلائے خواہ وہ بچے اپنے ہی گھر کے ہوں۔ اس کے بعد تاعمر اس عزیمت کو گیارہ مرتبہ روزانہ عشاء کے بعد پڑھتا رہے۔

عزیمت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ سِلْکَکَ سِلْکَکَ سِلْکَکَ یَلْکَکَ یَلْکَکَ یَلْکَکَ حَیْدَرْ حَیْدَرْ حَیْدَرْ جَنْکَسْ مَنْکَسْ جَلُوْ مِلُوْ بِلُوْ بِلُوْ یَلُوْ یَا قَھَّارُ تَقَھَّرْتَ بِالْقَھْرِ وَالْقَھْرُ فِی الْقَھْرِ قَھَّرْتَ یَا قَھَّارُ یَا جَنُوْدُ حَسْبُکَ

حاضرٌ آوردیم حاضر شو وہی تخت سلیمان ابن داؤد علیہ السلام۔

تخت سلیمان یہ ہے۔

تخت سلیمان علیہ السلام

وقتِ ضرورت جب کسی جن کو قید کرنا ہو تو اس تخت سلیمان کو بدھ کے دن صبح چھ اور سات کے درمیان لکھیں پھر نیا چراغ جلائیں۔ تخت سلیمان والا نقش مریض کے دونوں ہاتھوں میں پکڑوا دیں۔ اور مریض اس نقش کو دیکھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جن تخت سلیمان کے دروازے کی طرف سے داخل ہو گا۔ اس وقت ایک بوتل مضبوط ڈاٹ والی تیار رکھیں۔ تخت سلیمان کا دوسرا کونہ بوتل کے منہ کے سامنے رکھیں اور عامل ہدایت کرے کہ بوتل میں داخل ہو جا۔ اسی وقت جن بوتل میں داخل ہو جائے گا۔ علامت یہ ہے کہ اسی وقت بوتل میں دھواں محسوس ہو گا۔ دھواں محسوس ہوتے ہی مذکورہ عزیمت ایک مرتبہ پڑھ کر بوتل پر ڈاٹ کس کر چڑھا دیں۔ اور اس کے بعد اس بوتل کو کسی قبرستان میں گہرا گڑھا کھود کر دفن کر دیں۔

آسیب کی گرفتاری کا عمل

گرفتاری آسیب کیلئے یہ عمل بھی مجرب ہے۔ پہلے اس عمل کی زکوٰۃ ادا کر دینی چاہئے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ عروج ماہ میں کسی بھی دن سے شروع کریں اور مندرجہ ذیل عزیمت کو باوضو چار سو مرتبہ روزانہ چالیس دن تک پڑھیں۔ بعد نماز عشاء پرہیز بھی ضروری ہے اور وہ یہ ہے کہ چالیس دن تک گائے اور مچھلی کے گوشت سے پرہیز کریں۔

عزیمت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ عَزَمْتُ عَلَیْکُمْ یَا مَعْشَرَ الْاِنْسِ رَبْطًا عَقْدًا عَقْدًا نَشْرًا نَشْرًا مَحْشَرًا مَحْشَرًا بِحَقِّ سُلَیْمَانَ اِبْنِ دَاؤُدَ عَلَیْہِ السَّلَام حاضر شو حاضر شو حاضر شو۔

جب جن کو قید کرنا ہو تو جن زدہ آدمی کو ایک صاف سفید چادر پر بٹھا دیں۔ اس کے قریب خوشبودار پھول رکھ دیں اور یہ پھول ایک طشت میں پانی بھر کر اسمیں رکھ دیں۔ عود وغیرہ جلائیں اور مذکورہ عزیمت پڑھنی شروع کریں۔

عزیمت پڑھنے سے پہلے عامل کو چاہئے کہ اپنا حصار کرلے ابھی چند بار ہی وہ عزیمت پڑھے گا کہ وہ جن حاضر ہوگا جو مریض کو ستاتا ہے۔ اس وقت عامل کو ایک مضبوط قسم کی بوتل طشت کے برابر میں رکھ لینی چاہئے۔ اور وہ عزیمت

برابر پڑھتا رہے۔ تھوڑی دیر کے بعد جن بے دم ہو جائے گا اور فریاد و فغاں کرے گا۔ اس وقت عامل کو یہ حکم دینا چاہیئے کہ وہ بوتل میں داخل ہو جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جن فوراً بوتل میں داخل ہو جائے گا۔ اس کی علامت یہ ہو گی کہ بوتل میں دھواں بن کر وہ داخل ہو گا۔ صاف نظر آئیگا کہ بوتل کے اندر دھواں داخل ہو رہا ہے۔ دھواں جب داخل ہو جائے تو عامل کو فوراً مضبوط قسم کی کارک سے بوتل کو بند کر دینا چاہیئے اور پھر اس بوتل کو جنگل میں جا کر گڑھا کھود کر دفن کر دینا چاہیئے۔

جن کو حاضر کر کے قید کرنا

سب سے پہلے مندرجہ ذیل کلماتِ قرآن اور عزیمت کی زکوٰۃ ادا کرے اس کا طریقہ یہ ہے کہ عروج ماہ میں بروز پیر سے ابتداء کرے۔ اور باوضو ایکسو اکیس ۱۲۱ مرتبہ روزانہ کسی تنہائی کے مقام پہ بیٹھ کر پڑھے۔ اوّل و آخر سات سات مرتبہ درود شریف پڑھے۔ اکیس ۲۱ روز تک پڑھتا رہے۔ اکیسویں روز ایصالِ ثواب تمام اوّلین و آخرین کو کر دے۔ اور کچھ مٹھائی بچوں میں تقسیم کر دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ زکوٰۃ ادا ہو گی۔ اکیس ۲۱ روز کی تکمیل کے بعد روزانہ عشاء کی نماز کے بعد گیارہ ۱۱ مرتبہ پڑھ لیا کرے اور اوّل و آخر تین ۳ تین مرتبہ درود شریف بھی پڑھ لیا کرے۔

جب عامل کسی مریض کے سر پر کسی جن حاضر کرنا چاہے تو مریض کو ایک پاک صاف جگہ پر بٹھائے اور اس کے برابر میں ایک بڑی سرمہ دانی رکھدے، سرمہ دانی کم سے کم چھ انچ کی ہونی چاہئے۔ سرمہ دانی میں ایک پرچے پر یہ کلمات لکھ کر بتی بنا کر سرمہ دانی میں ڈال دے۔ یُعْرَفُ الْمُجْرِمُوْنَ بِسِیْمٰهُمْ فَیُؤْخَذُ بِالنَّوَاصِیْ وَالْاَقْدَامِ ۚ اور سرمہ دانی کے باہر یہ کلمات لکھ کر چپکا دے۔ وَقِفُوْهُمْ اِنَّهُمْ مَسْئُوْلُوْنَ ۚ

اس کے جس عزیمت کی زکوٰۃ ادا کی تھی اس کو پڑھنا شروع کرے، بلند آواز سے پڑھے۔ ایک ہی بار کے پڑھنے سے جن جو مریض کو ستاتا ہوگا، سرمہ دانی میں خود بخود داخل ہو جائیگا۔ عزیمت ختم ہوتے ہی بسم اللہ پڑھ کر سرمہ دانی کو بند کر دے۔ پھر اس کو جنگل میں لے جا کر دفن کر دے۔

وہ کلمات قرآن و عزیمت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۚ یُعْرَفُ الْمُجْرِمُوْنَ بِسِیْمٰهُمْ فَیُؤْخَذُ بِالنَّوَاصِیْ وَالْاَقْدَامِ ۚ اِذِ الْاَغْلٰلُ فِیْٓ اَعْنَاقِهِمْ وَالسَّلٰسِلُ ۚ یُسْحَبُوْنَ ۚ خُذُوْهُ فَغُلُّوْهُ ۚ ثُمَّ الْجَحِیْمَ صَلُّوْهُ ۚ ثُمَّ فِیْ سِلْسِلَةٍ ذَرْعُهَا سَبْعُوْنَ ذِرَاعًا فَاسْلُكُوْهُ ۚ اِنَّهٗ كَانَ لَا یُؤْمِنُ بِاللّٰهِ الْعَظِیْمِ ۚ اَجْنِجَنِ هَبُوْهُ بِحَقِّ الَّذِیْ اَشْرَقَ بَرْقُ صَوَاعِقِ بِنُوْرِ وَجْهِهٖ

بِجَبَلِ طُوْرِ سِيْنَاءَ فَانْهَضَ وَالْفَرْدَ وَجَرْجَرْيَانُهَا
كَمَا يَجْرِي الْمَاءُ جَرْيًا وَتَعْظِيْمًا لِلّٰهِ تَعَالٰى الَّذِيْ قَالَ
لِلسَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اِلٰى طَائِعِيْنَ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ
رَبُّ النَّارِ وَالْبَحْرِ الْاَسْوَدِ وَالْبُرْهَانِ وَكَفَّةِ
الْمِيْزَانِ يَا شَمْخُ شَمَاخُ مِنْ كُلِّ بِرَاخٍ يَا شَنْطَخُ لَبَخًا وَ
اِهْيًا وَاَشْرَاهِيًا اُذُوْنِيْ اَمْبَاوُثَ وَالْاِشْدَاءُ الْهَيْجَلَه
اَجِبْ بِحَقِّ تَكَفِيْلُ وَيَا صَمْدُوْشُ وَيَا دُهْنَشُ وَيَا اَيَّامَرَّةَ
يَا قَلِنْسُ وَيَا شَنْشَعُ الْمَشَاعَلِيْ اُدْخُلُوْا عَلَى الْمَعَاصِيْ
بِالسِّجْنِ۔

جنات تابع کرنے کے طریقے

جن کو تابع کرنا

بدھ سے سنیچر تک روزے رکھیں۔ روزانہ غسل کریں اور روزانہ پاک و صاف کپڑے بدلیں۔ ایک لباس چوبیس گھنٹے سے زیادہ بدن پر نہ رہے۔ ہر روز باوضو ایک ہزار مرتبہ سورۃ اخلاص (قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ پارہ ۳۰) سورۃ دخان (سورۃ نمبر ۴۴ پارہ ع ۲۵) اور سورۃ حٰمٓ السجدہ (سورۃ نمبر ۴۱ پارہ ۲۱) اور سورۃ ملک (سورۃ نمبر ۶۷ پارہ ۲۹) اور سورۃ یٰسین (پارہ ۲۲) یہ تمام سورتیں روزانہ سو سو مرتبہ پڑھیں۔ پھر سنیچر کے دن سورج نکلنے کے آٹھ گھنٹے بعد لوگوں سے الگ تھلگ کسی تنہائی کے مقام میں بیٹھ کر کاغذ کے سات ٹکڑے لیکر ان پر یہ آیات لکھیں۔ اور اپنا حصار کر کے لکھنا شروع کریں۔

ایک ٹکڑے پر:

وَهُوَ الَّذِیْ یُحْیٖ وَیُمِیْتُ وَلَهُ اخْتِلَافُ اللَّیْلِ وَالنَّهَارِ ط

دوسرے ٹکڑے پر:

فَاِذَا قَضٰۤی اَمْرًا فَاِنَّمَا یَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَیَكُوْنُ ع

تیسرے پر:

فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ۝

چوتھے پر:

ثُمَّ إِذَا دَعَاكُمْ دَعْوَةً ۖ مِّنَ الْأَرْضِ إِذَا أَنتُمْ تَخْرُجُونَ ۝

پانچویں پر:

فَإِذَا هُم مِّنَ الْأَجْدَاثِ إِلَىٰ رَبِّهِمْ يَنسِلُونَ ۝

چھٹے پر:

وَنُفِخَ فِي الصُّورِ فَإِذَا هُم مِّنَ الْأَجْدَاثِ إِلَىٰ رَبِّهِمْ يَنسِلُونَ ۝ قَالُوا يَا وَيْلَنَا مَن بَعَثَنَا مِن مَّرْقَدِنَا ۜ هَٰذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمَٰنُ وَصَدَقَ الْمُرْسَلُونَ ۝ إِن كَانَتْ إِلَّا صَيْحَةً وَاحِدَةً فَإِذَا هُمْ جَمِيعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُونَ ۝

ان آیات کو لکھنے سے پہلے چار رکعات نفل ادا کریں پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ یٰسین دوسری میں سورۃ دخان تیسری میں سورۃ حٰم السجدہ اور چوتھی میں سورۃ ملک پڑھے۔ اور ہر سجدے میں یہ دعا پڑھے۔

سُبْحَانَ مَنْ لَبِسَ الْعِزَّ وَقَالَ بِهِ سُبْحَانَ مَنْ تَعَطَّفَ الْحَمْدُ وَتَكَرَّمَ بِهِ سُبْحَانَ مَنْ أَحْصَى كُلَّ شَيْءٍ بِعِلْمِهِ سُبْحَانَ مَنْ لَا يَنْبَغِي التَّسْبِيحُ إِلَّا لَهُ سُبْحَانَ مَنْ إِذَا أَرَادَ شَيْئًا أَنْ يَقُولَ لَهُ كُنْ فَيَكُونَ

سُبْحَانَ ذِی الْمَنِّ وَالْفَضْلِ وَالنَّعْمِ سُبْحَانَ ذِی الْعِلْمِ وَالْحِلْمِ سُبْحَانَ ذِی الطَّوْلِ وَالْفَضْلِ سُبْحَانَ ذِی الْعَرْشِ وَالْمَجْدِ وَالْقَلَمِ وَالنُّوْرِ نماز سے فارغ ہونے کے بعد یہ دعا پڑھے اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِمُعَاقَدَةِ الْعِزِّ مِنْ عَرْشِکَ وَمُنْتَھٰی رَحْمَةٍ مِنْ کِتَابِکَ وَاَسْئَلُکَ الْعَظِیْمَ الْاَعْظَمَ وَبِوَجْھِکَ الْکَرِیْمِ الْاَکْرَمِ وَبِکَلِمَاتِکَ التَّامَّةِ اَنْ تُسَخِّرَ لِیْ عَوْنًا مِنْ صُلَحَاءِ الْجِنِّ عَلٰی مَا اُرِیْدُ مِنْ حَوَائِجِ الدُّنْیَا۔ انشاء اللہ اسی وقت سات جنات حاضر ہوں گے اور سلام عرض کریں گے۔

ہاں نماز سے پہلے یہ ضروری ہے کہ کاغذ کے ان ساتوں ٹکڑوں کو ایک دھاگے میں باندھ کر اپنے سر میں رکھ لو اسکے بعد نماز شروع کرو۔

جنات کی حاضری کے بعد اُن ساتوں کاغذوں میں سے ایک کاغذ نکال کر پڑھو اور جنات سے پوچھو کہ تم میں سے یہ کاغذ کس کا ہے؟ اُن میں سے ایک کہے گا کہ یہ کاغذ میرا ہے۔ تم اس سے نام پوچھو اور اس کے نام کو اس کاغذ کی پشت پر لکھ دو۔ اسی طرح ساتوں کاغذ کے بارے میں پوچھتے رہو کہ کس کا ہے اور جو بھی بولے میرا ہے اس سے نام پوچھو اور پھر اس کا نام اسی کاغذ کی پشت پر درج کر دو۔ جب ساتوں سے پوچھ چکو تو انہیں جانے کی اجازت دے دو اور ان ساتوں

کاغذوں کو ایک چاندی کے ڈبے میں احتیاط سے رکھو۔ اس کے بعد جب بھی جنات کو بلانا ہو نماز کے بعد والی دعا ایک بار پڑھو، فوراً حاضر ہوں گے۔ یہ جنات پھر جب بھی بلاؤ گے جو کام کہو گے کریں گے، خزانے لاکر دیں گے۔ لیکن اس کام کے لئے بہت مضبوط دل کی ضرورت ہے اگر دل کمزور ہو تو ہارٹ فیل ہونے کا خطرہ رہے گا۔ اللہ کے وہ نیک بندے جو اپنے مالک کے سوا کسی سے نہیں ڈرتے ان ہی کیلئے اس طرح کے عملیات ہیں۔ جن تابع کرنا ہر کس و ناکس کی بات نہیں ہے۔ تاہم طریقہ تحریر کر دیا گیا ہے۔ صاحب تقویٰ اور صاحب ہمت لوگ اللہ کے بھروسے پر تقدیر آزما سکتے ہیں۔ عمل اپنی جگہ لیکن کامیابی اللہ کے فضل ہی پر موقوف ہے۔

جن کو مطیع اور تابع فرمان کرنا

کسی پاک جگہ پر بالکل تنہائی میں اور بستی سے الگ تھلگ ایک مصلّے بچھائیں اور نیا لباس پہنیں، خوشبو سے کمرے کو معطر رکھیں۔ عود وغیرہ کی دھونی لیں۔ اور حصار کھینچ کر باوضو عمل شروع کریں۔ دورانِ عمل کامل یکسوئی کے ساتھ سورۃ مزمل بعد نماز عشاء چالیس مرتبہ پڑھیں۔ اس طرح چالیس روز تک پڑھیں۔ یاد رہے کہ اس کمرے میں چالیس دن تک کوئی دوسرا آدمی داخل نہ ہو۔ عمل سے فارغ ہو کر

جب آئیں تو کمرہ مقفل کر دیں اور دورانِ چلہ ترکِ حیوانات (یعنی گوشت، انڈہ، مچھلی، ماش کی دال کا پرہیز) کی پابندی رکھیں۔ دوران عمل مختلف چیزیں عامل کو نظر آئیں گی۔ عامل ان سے خوف نہ کھائے۔ حصار کی وجہ سے کوئی چیز عامل کو نقصان نہ پہنچا سکے گی۔ اگر عمل کے دوران عامل بوجہ خوف حصار سے باہر نکل آیا تو بے شک عامل کیلئے خطرہ پیدا ہو جائے گا اور اگر عامل کسی چیز سے نہ ڈرا اور ثابت قدم رہا تو پھر چالیس دن پورے ہو جانے پر ایک جن آئے گا اور عامل کو بڑے ادب سے سلام کریگا اور عامل کا مطیع ہو جائے گا۔ اور حکم کی تعمیل کرے گا۔ لیکن اس سے ہمیشہ جائز کام میں مدد لینی چاہیئے ناجائز کام میں نہیں۔ آنے کا طریقہ اسی سے پوچھنا چاہیئے کہ جب ضرورت بلانے کی پڑے گی تو کیا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ خود ہی طریقہ بتائے گا۔

جن کو تابع کرنا

عمل کا طریقہ یہ ہے کہ باہر کسی پاکیزہ مقام پر حصار کھینچ کر خوشبو وغیرہ معطر کر کے پھر بعد نمازِ عشاء عمل شروع کرے اور باوضو سورۂ جن سات مرتبہ اور سورۂ مزمل ایکسو ساٹھ ۱۶۰ مرتبہ پڑھے اوّل و آخر گیارہ ۱۱ گیارہ ۱۱ مرتبہ درود شریف بھی پڑھے اسی طرح چالیس ۴۰ روز تک عمل کرے وقت اور جگہ کی پابندی رکھے۔ ترکِ حیوانات [illegible] پرہیز جلالی اور جمالی دونوں کا پابند رہے۔

آخری عشرے میں ڈراؤنی اور خوفناک چیزیں نظر آئیں گی۔ اور آخری رات مختلف قسم کے جانور اور وحشت ناک قسم کے انسان اور ننگی عورتیں نظر آئیں گی۔ اگر عامل بے خوفی رہا اور حصار سے باہر نہ آیا اور عمل مکمل کر لیا تو صبح صادق کے وقت شاہِ جنات اپنے مصاحبین کے ساتھ حاضر ہوگا اور طلب کرنے کا سبب دریافت کرے گا اور ہمیشہ کے لئے انشاء اللہ تعالیٰ عامل کا مطیع ہو جائے گا بشرطیکہ عامل کی نیت صاف ہو اور دنیا کمانے کی نہ ہو۔ بلکہ خدمت خلق کی ہو۔ اور رزق حلال کا عادی ہو۔

سورۃ جن کا مؤکل حاضر کرنا

اس سلسلے میں سورۃ جن کی ریاضت بہت اہم ہے۔ جب سورۃ جن کی ریاضت کا ارادہ ہو تو تین روزے رکھے، منگل بدھ اور جمعرات کو اور اس دوران کوئی حیوانی چیز (گوشت مچھلی انڈہ) نہ کھائے نہ استعمال کرے۔ اور ہر وقت خوشبو میں بسا رہے اور صبح و شام دھونی بھی لے اور ان تین دنوں میں ایک ہزار بار سورۃ جن باوضو پڑھے یعنی روزانہ تین سو تینتیس ۳۳۳ مرتبہ پڑھے اور عمل جمعرات کے دن اس طرح شروع کرے کہ تقریباً نصف شب کے وقت ختم ہو۔

عمل کے اختتام پر دو نفلیں پڑھے۔ نفلوں سے فارغ ہو کر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر ایک بار سورۃ جن

پڑھے پھر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اسی وقت اس سورۃ کا ایک مؤکل حاضر ہوگا۔ اس کا قد کوتاہ اور ہاتھ لمبے لمبے ہوں گے۔ مؤکل عامل کے سامنے آکر بیٹھے گا۔ اور سلام کرے گا۔ اپنا دل مضبوط رکھنا چاہیئے کیونکہ اس کی ہیئت بہت سخت ہے۔ یہ مسلمان جنات کا بادشاہ ہے۔ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے دست مبارک پر ایمان لایا ہے۔ تین آدمی اس کی پشت پر کھڑے ہوں گے۔ اگر عامل نے اپنے دل کو قابو میں رکھا تو کامیاب ہوگا۔ اور اگر خوف کھایا تو وہ سب واپس ہو جائیں گے اور عامل کا عمل برباد ہوگا۔ اس لئے لازم ہے کہ عامل اپنے دل کو مضبوط رکھے۔ اور خوف ہرگز نہ کھائے۔ اس مؤکل کا نام ابو یوسف ہے اس سے کہنا چاہیئے کہ ہمارا حق تم پر واجب ہے۔ ہماری مدد کرنا تمہارا فرض ہے وغیرہ۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ اپنے ساتھیوں کو حکم دے گا جو مثل بجلی کے لاکر عامل کے آگے ڈال دے گا۔ بس عامل کو اسی پر قناعت کرنی چاہیئے۔ اور اس مؤکل کو بار بار طلب نہ کرنا چاہیئے۔ بلکہ یہ عمل سال میں ایک بار کرنا چاہیئے۔

جنات کو حاضر کرنے کا عمل

کامل تنہائی میں پاک جگہ پر مصلیٰ بچھا کر حصار کر کے عمل شروع کریں۔ صاف ستھرا لباس زیب تن کریں اور خوشبو

سے لباس کو معطر کریں عمل ہمیشہ بعد نماز عشاء پڑھیں۔ حصار کرتے وقت باوضو تین بار سورۃ اخلاص پڑھیں۔ روزانہ کامل یکسوئی کے ساتھ سورۃ مزمل چالیس مرتبہ پڑھنی چاہئے۔ عمل کے دوران آس پاس کوئی انسان موجود نہیں ہونا چاہئے۔ عمل کے دوران نہایت بھیانک صورتیں نظر آئیں گی۔ لیکن ان سے ہرگز ہرگز ڈرنے کی ضرورت نہیں۔ وہ حصار کے اندر داخل ہونے کی ہمت نہیں کر سکتے۔ البتہ اگر عامل ڈر گیا اور حصار سے باہر آ گیا تو پھر عامل کیلئے خطرہ ہے جان بھی جا سکتی ہے اور دماغ بھی خراب ہو سکتا ہے۔

آخری عشرے میں عامل کو زیادہ ڈرانے کی کوشش کی جاتی ہے۔ لیکن اگر عامل ثابت قدم رہ کر اپنا چلہ پورا کر لیتا ہے تو پھر جنات حاضر ہو کر دوستی کا ہاتھ بڑھاتے ہیں۔ دوستی ہونے کے بعد بھی جب سورۃ مزمل تنہائی میں پڑھ کر حاضر ہونے کا حکم دے گا۔ جنات فوراً حاضر ہوں گے اور عامل کی اطاعت کریں گے۔

جنات تابع کرنے کا عمل

یہ طریقہ وقت کے اعتبار سے بہت آسان ہے۔ لیکن اس لحاظ سے بے حد مشکل ہے کہ ایک ہی نشست میں سوا لاکھ مرتبہ پڑھنا ہوتا ہے اور انسانی تقاضے چھ گھنٹے سے زیادہ قابل برداشت نہیں ہوتے، تاہم اگر کسی کو لمبی نشستوں

میں بیٹھنے اور وظائف پڑھنے کی مشق ہو تو ان کیلئے کوئی دشواری نہیں ہوگی۔

اس عمل کی شرائط یہ ہیں۔ بالکل تنہائی کا مقام ہو۔ عود جلائے، نیا لباس پہنے، خوشبو لگائے، خوشبودار پھول اپنے پاس رکھے بدبودار چیز پورے دن نہ کھائے۔ مثلاً پیاز، لہسن وغیرہ۔

اس عمل کیلئے حصار اس طرح کرے، چاروں قل اور آیت الکرسی ایک ایک مرتبہ پڑھ کر چھری پر دم کرے اور اس چھری سے اپنے ارد گرد گول دائرے کی صورت میں حصار کھینچ دے، عمل شروع کرنے سے پہلے دو رکعت نماز ادا کرے ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ نصر (اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰہِ) دس مرتبہ پڑھے۔

عمل صرف یہ ہے کہ سوا لاکھ مرتبہ یَا شَمْعَلُوْنِیْ پڑھے۔ عمل کے اختتام پر ایک جن عورت آکر سلام کرے گی۔ اگر عمل پورا ہو چکا ہے تو کسی قسم کا خوف نہ کھائے اور سلام کا جواب دیکر اس سے یہ عہد کرے کہ میں جب کسی خدمت خلق کیلئے تمہیں بلاؤں تو تمہیں حاضر ہونا پڑے گا۔ وہ وعدہ کرے گی اور کوئی نشانی بھی دے گی۔ اور آنے کا طریقہ بھی بتائیگی۔ لوے ہزار جنات اسکے تابع ہیں۔

جنات تابع کرنیکی خواہش رکھنے والے حضرات یہ بات یاد رکھیں کہ یہ کام کمزور دل اور بداخ والے [illegible]

نہیں۔ اس طرح کے عملیات کیلئے نڈر اور صحت مند ہونا بے حد ضروری ہے۔ بصورتِ دیگر نقصان کا احتمال ہے۔

بہر حال خادم نے یہ قیمتی طریقے ارباب ذوق کے لئے نقل کر دیئے ہیں۔ دعا گو ہوں کہ اللہ تعالیٰ ان طریقوں سے اہل حضرات کو قسمت آزمائی کی توفیق دے اور اپنے فضل و کرم سے انہیں اپنے مقصد میں کامیاب کرے۔

آمین

تشخیصِ مرض

مرض کی دریافت

اس باب میں ایسے طریقے نقل کئے جا رہے ہیں۔ جن کے ذریعہ عاملین یہ اندازہ کر سکتے ہیں کہ مریض کس مرض کا شکار ہے اور کونسی چیز اس پر چڑھی ہوئی ہے۔ آیا اس پر آسیب وغیرہ کا اثر ہے یا اس پر جادو کرایا گیا ہے۔ یا پھر اسے جسمانی بیماری ہے۔ عاملین کو چاہئے کہ وہ مرض کی تحقیق میں کامل سنجیدگی اور احتیاط سے کام لیں۔ کیونکہ تشخیص ہی میں صحیح علاج ممکن ہے۔ اگر تشخیص غلط ہوگی تو لامحالہ علاج بھی غلط ہوگا۔ اور بجائے فائدے کے مریض

کو نقصان پہنچے گا۔ اس لئے علاج سے زیادہ تشخیص پر توجہ دینی چاہیئے۔

شناخت آسیب کے لئے یہ نقش دیا جا رہا ہے۔



جس وقت مریض پر آسیب ہو اس وقت یہ نقش لکھ کر دکھائیں۔ اگر اس کو دیکھ کر مریض رونے لگے تو سمجھیں کہ اس پر جن کا اثر ہے اگر ہنسنے لگے تو کوئی خبیث روح اس پر مسلط ہے۔ اور اگر خاموش رہے تو دماغی خلل ہے۔

مرض کی پہچان

مریض کا پہنا ہوا کپڑا ناپیں اور پھر اس پر باوضو بسم اللہ[1]، سورۃ فاتحہ[1]، آیت الکرسی[1]، تین تین[3] مرتبہ پڑھیں۔ سورۃ صافات (پارہ ۲۳) کی آیات لازب تک اور سورۃ جن (پارہ ۲۹) آیات شططا تک ایک ایک مرتبہ پڑھیں۔ آخر میں معوذتین قرآن حکیم کی آخری دونوں سورتیں ایک ایک مرتبہ پڑھ کر کپڑے پر دم کر دیں۔ پھر دوبارہ اسے ناپیں۔ اگر

کپڑا گھٹ جائے تو جادو ہے۔ اگر بڑھ جائے تو جن وغیرہ کا اثر ہے۔ اگر کچھ فرق نہ پڑے تو جسمانی بیماری ہے۔

مریض پر سحر، آسیب یا جسمانی امراض کا پتہ لگانا

مریض کے پاؤں کے ناخن سے لیکر سر تک ایک نیلے رنگ کا ڈورا ناپیں پھر سات مرتبہ اس پر سورۃ مزمل پڑھیں اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ پھر دوبارہ اس ڈورے کو ناپیں۔ اگر کم ہو جائے تو سحر ہے۔ اگر بڑھ جائے تو اوپری اثرات ہیں اور اگر کچھ فرق نہ پڑے تو جسمانی مرض ہے۔

مریض کی بیماری کا پتہ لگانا

ایک کورا مٹی کا سکورا لیکر اس پر کالی روشنائی سے یہ عزیمت لکھے:

۱۱ ۳ ۸ ۵ ۱ ع ۹ ح ۴ ح ۴ ح ۱۲ ۱۱ ۳۲

اس سکورے پر عزیمت لکھنے کے بعد مریض کے چاروں طرف سات مرتبہ گردش دے پھر اس کو دہکتی ہوئی آگ میں رکھدے اور دیکھے۔ اگر حروف سفید ہو گئے تو سحر ہے اگر سرخ ہو گئے تو چڑیل کا اثر ہے اگر غائب ہو گئے تو جن کا اثر ہے اور اگر کالے ہی رہے تو جسمانی بیماری ہے۔

مریض کے بارے میں بیماری کا معلوم کرنا

مریض کے پہنے ہوئے کپڑے کو ناپیں پھر اس پر یہ عزیمت

تین مرتبہ پڑھ کر دم کرے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ عَزَمْتُ عَلَیْکُمْ یَا جَمِیْعَ اَحْضُرُوْا اَهْنَ اَمَا التَّوْرَاۃَ اَخْبِرْنِیْ وَالْاِنْجِیْلِ وَ الزَّبُوْرِ وَالْفُرْقَانِ الْعَظِیْمِ وَصَفَا وَرَبِّ الْمَشَارِقِ وَالْمَغَارِبِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔

اس کے بعد معوذتین پڑھے پھر آخر میں کہے

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ۔

اس کے بعد کپڑا دوبارہ ناپیں اگر ایک انگلی کم ہو جائے تو جن کا اثر ہے اگر دو انگلی گھٹ جائے تو آسیب کا اثر ہے اگر تین انگلی گھٹ جائے تو سحر کا اثر ہے۔

مرض کی تشخیص کا آسان طریقہ

فجر کی نماز کے بعد بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اِفْتَحْ اِفْتَحْ اِفْتَحْ سو مرتبہ پڑھ کر آنکھیں بند کریں اور اللہ سے مدد طلب کریں۔ اس وقت جو بھی قلب پر وارد ہو وہی مرض سمجھیں۔ انشاء اللہ کبھی تشخیص غلط نہ ہوگی۔

انڈے کے ذریعہ مرض معلوم کرنا

کالی مرغی کا انڈا لیکر اس پر یہ عبارت لکھدیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ تَسْلِیْمًا کَثِیْرًا کَثِیْرًا۔ اَھْلَکَ فَوْعَ۔

پھر اس انڈے کو مریض کے دائیں ہاتھ پر رکھ دیں۔ اور ہاتھ پوری طرح کھلوائے رکھیں۔ اب سورۃ اخلاص لاتعداد مرتبہ پڑھتے رہیں اس دوران دھنیے کی دھونی دیتے رہیں۔ پانچ دس منٹ کے بعد انڈا خود بخود کھڑا ہو جائے گا۔ اسی وقت اسے توڑ دیں اور دیکھیں اگر انڈے کی زردی میں کالا بال ہو تو سفلی سحر ہے۔ اگر زردی تمام کی تمام کالی ہو تو نظرِ بد ہے اور اگر سفیدی میں سُرخ بال ہو تو آسیب وجنات وغیرہ کی علامت ہے اور اگر صحیح سلامت نکلے تو پھر جسمانی مرض ہے۔

مرض، سحر، آسیب کا پتہ لگانا

سات نیلے رنگ کے ڈورے سر سے پاؤں تک مریض کے ناپے، بعدہ مندرجہ ذیل دعا سات مرتبہ پڑھ کر ڈورے پر دم کرے اس کے بعد پھر ڈوروں کو مریض کے بدن سے ناپیں۔ اگر ایک انگلی کے برابر ڈورے بڑھ جائیں تو آسیب وغیرہ کا اثر ہے اگر تین انگلی زیادہ ہو تو سحر علوی ہے اگر چار انگل بڑھ جائے تو نظرِ بد ہے۔ اگر ایک انگل کم ہو تو ہوا ہے اگر دو انگلی کم ہو تو عفریت کا اثر ہے اگر تین انگلی کم ہو تو سحر سفلی ہے۔ اگر برابر ہو تو جسمانی بیماری ہے۔ عزیمت یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ یَا ذِی الْعَرْشِ الْکَرِیْمِ الْمَلِکُ الْقَدِیْمُ

وَالْعَطَآءِ الْعَظِيْمِ يَا هَادِيَ الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمِ يَا مُرْسِلَ الرِّيَاحِ وَيَا خَالِقَ الْاِصْبَاحِ وَيَا ذِي الْعَرْشِ الْمَجْدِ وَالسَّيَاحِ يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ وَيَا اَرْحَمَ اِلَى الْفُؤَادِ وَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ وَالشَّجَرُ كُلَّ نَاقَةٍ وَافَةٍ وَشِدَّةٍ وَبَلَاءٍ وَبَلِيَّةٍ وَكُلَّ ذِلَّةٍ وَعِلَّةٍ وَكُلَّ قِلَّةٍ وَمَرَضٍ وَحَرَضٍ وَقَرَضٍ وَنَقْصٍ وَوَبَاءٍ كُلَّ سِحْرٍ وَسَاحِرَةٍ وَعَدُوٍّ وَصَغِيْرٍ وَكَبِيْرٍ يَا سُبُّوْحُ يَا قُدُّوْسُ يَا رَبَّ الْمَلٰٓئِكَةِ وَالرُّوْحِ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ۔

کورے سکورے کے ذریعہ مرض معلوم کرنا

اس نقش کو کورے سکورے پر لکھ کر مریض کے جسم پر سے سر سے پاؤں تک سات مرتبہ اتارے اور پھر آگ میں ڈال دے اگر حروف سرخ ہو جائیں تو آسیب ہے اور اگر سفید ہو جائیں تو جادو ہے اگر سیاہ رہیں تو مرض جسمانی ہے اور اگر غائب ہو جائیں تو زیر دست جن کا اثر ہے۔

نقش یہ ہے۔

للوطہ	عوطہ
عوطہ	للوطہ

ایک مسلمان جن کا تیار کردہ ایک عمل

انسان اس عمل کے ذریعہ جنات اور دنیاوی تمام آفات سے محفوظ رہتا ہے

حضرت سعید ابن مسیبؒ کی ملاقات ایک جن سے جو آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھوں پر ایمان لایا تھا۔ اس جن نے اس سے کہا میں ایک عمل بتاتا ہوں جو شخص اس کو لکھ کر اپنے پاس رکھے گا وہ جنات کی شرارتوں سے اور دنیا کی تمام بلاؤں اور آفتوں سے بفضل رب العلمین محفوظ رہے گا۔ اور اگر اس عمل کو لکھ کر جانور کے گلے میں ڈال دیا جائے تو وہ جانور چوری ہونے سے محفوظ رہے گا۔ اور اگر اس کو لکھ کر مال میں رکھ دیا جائے تو مال چوری اور نقصان سے محفوظ رہے گا اگر کوئی مسافر اس کو اپنے پاس رکھے تو بخیر و عافیت اپنے وطن واپس ہو۔

سعید ابن مسیبؒ نے کہا ضرور بتاؤ۔ اس جن نے کہا کہ قلم دوات لاؤ میں لکھواتا ہوں، چنانچہ حضرت سعید ابن مسیبؒ قلم دوات اور کاغذ اٹھا لائے۔ جن بولتا رہا اور آپ اس عمل کو لکھتے رہے۔

وہ عمل یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ كُلُّ ذِيْ مُلْكٍ

مَمْلُوكٌ لِلّٰهِ وَكُلُّ ذِیْ قُوَّةٍ فَضَعِیْفٌ عِنْدَ اللّٰهِ وَكُلُّ
جَبَّارٍ وَصَغِیْرٍ عِنْدَ اللّٰهِ وَكُلُّ ظَالِمٍ اِلَّا مَحْبُوْسٌ لَهٗ مِنَ
اللّٰهِ حَصَّنْتُ عَامِلَ كِتَابِیْ هٰذَا بِاَهْدِیَتِهٖ مِنَ الْاِنْسِ
وَالْجِنِّ وَالشَّیٰطِیْنِ وَالْعِفْرِیْتِ الْمُتَمَرِّدِیْنَ خَاتَمُ
سُلَیْمَانَ اِبْنِ دَاوٗدَ عَلَیْهِ السَّلَامُ عَلٰی اَنْوَاهِكُمْ
وَعَصَا مُوْسٰی عَلٰی اَكْنَافِكُمْ وَخَیْرُكُمْ بَیْنَ اَعْیُنِكُمْ
وَشَرُّكُمْ بَیْنَ اَرْجُلِكُمْ وَلَا غَالِبَ اِلَّا اللّٰهُ لَكُمْ وَحَامِلُ
كِتَابِیْ هٰذَا فِیْ حِرْزِ اللّٰهِ الْمَانِعِ الَّذِیْ لَا یَذِلُّ مَنِ
اعْتَزَّ بِهٖ وَلَا یَنْكَشِفُ مَنِ اسْتَتَرَ سُبْحَانَ مَنِ الْجَمَعَ
الْبَحْرَیْنِ بِكَلِمَاتِهٖ سُبْحَانَ مَنْ اَطْفَاَ نَارَ اِبْرَاهِیْمَ
بِقُدْرَتِهٖ وَحِكْمَتِهٖ سُبْحَانَ مَنْ تَوَاضَعَ لَهٗ كُلُّ شَیْءٍ اَقْبِلْ
وَلَا تَخَفْ اِنَّكَ مِنَ الْاٰمِنِیْنَ وَلَا تَخَافُ دَرَكًا وَّلَا تَخْشٰی اِنَّكَ
اَنْتَ الْاَعْلٰی لَا تَخَافُ اِنِّیْ مَعَكُمَا اَسْمَعُ وَاَرٰی اَللّٰهُمَّ
احْفَظْ حَامِلَ كِتَابِیْ هٰذَا اَسْتَوْدِعُهٗ بِسِتْرِكَ الْوَافِیْ
الْحَصِیْنَ فِیْ لَیْلِهٖ وَنَهَارِهٖ وَظَعْنِهٖ وَقَرَارِهٖ اَلَّذِیْ
تَسْتَتِرُ بِهٖ اَوْلِیَاءُ الْمُتَّقِیْنَ مِنْ اَعْدَآئِكَ الظَّالِمِیْنَ الْكَافِرِیْنَ
اَللّٰهُمَّ مَنْ عَادَاهُ فَعَادِهٖ وَمَنْ كَادَهٗ فَكِدْهُ وَمَنْ نَصَبَ لَهٗ
فَخًّا فَخُذْهُ وَاطِفْ عَنْهُ نَارَ مَنْ اَرَادَ بِهٖ عَدَاوَةً وَّشَرًّا
وَفَرِّجْ عَنْهُ كُلَّ كُرْبَةٍ وَهَمٍّ وَضِیْقٍ وَلَا تُحَمِّلْهُ مَا یَقْوٰی
وَیَطِیْقُ اِنَّكَ اَنْتَ الْحَقُّ الْحَقِیْقُ وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی سَیِّدِنَا
مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ۔

جن

جن ایک مخلوق ہے۔ جس کو انسان کے علاوہ اللہ تعالیٰ نے پیدا فرمایا ہے۔ ان کے کئی خاندانی سلسلے ہیں مثلاً:

شیطان، شیطانہ، قرین، قرینہ، عفریت، تابع، تابعہ، زوبعہ، زوابع، ام زوبعہ، ریح، غل، ہاتف، غول، حبت، طاغوت، خناس، خبیث وغیرہ۔

ہندو ان کے نام اس طرح ذکر کرتے ہیں۔

دیو، آسیب، پری، بھوت، راکشس، مسان، کناس، پلید، ہوا وغیرہ۔

جن کب پیدا کیے گئے جن انسانوں سے پہلے پیدا کیے گئے۔ لیکن تاریخ کا تعین مشکل ہے۔

جن کس چیز سے پیدا کیے گئے جن آگ سے پیدا ہوتے ہیں اور آگ جب جلتی ہے تو اس کی لو کے آخری سرے پر ایک سفید پٹی ہوتی ہے دھوئیں سے پہلے اسے عربی میں مارج کہتے ہیں جن اس سے پیدا کیے گئے ہیں۔ جن کی تعریف یہ ہے۔

اَلْجِنُّ مَخْلُوْقٌ نَارِیٌّ یَتَشَکَّلُ بِاَشْکَالٍ الْمُخْتَلِفَہ

جن آگ سے پیدا کردہ مخلوق ہے جو مختلف شکل بدل لیتی ہے۔

سلسلۂ اولاد انسانوں کی طرح جنات میں بھی اولاد کا سلسلہ قائم ہے۔ ان کے بچے ہوتے ہیں۔ چنانچہ شیطان کے پانچ بیٹے ہیں۔

(۱) **ثبر**۔ اس کا کام لوگوں کو مصیبتوں میں مبتلا کرنا ہے۔ جس سے لوگ واویلا کرتے ہیں، کپڑے پھاڑتے ہیں، منہ پر طمانچے مارتے ہیں، سینہ کوبی کرتے ہیں۔ جاہلیت کے زمانہ کی لوگوں کی طرح نوحے کرتے ہیں

(۲) **اعور**۔ یہ زنا کا ذمہ دار ہے۔ لوگوں کو زنا پر ابھارتا ہے۔ آمادہ کرتا ہے اور زنا کو لوگوں کے دلوں میں اچھا کر کے پیش کرتا ہے، زنا کی طرف راغب کرتا ہے۔

(۳) **مسوط**۔ یہ جھوٹ کا سردار ہے۔ لوگوں کو جھوٹ کی طرف رغبت دلاتا ہے۔ جھوٹ کے فائدے ذہن میں بٹھاتا ہے۔ جھوٹی افواہیں لوگوں کے ذریعہ پھیلواتا ہے تاکہ لوگوں میں انتشار پیدا ہو اور وہ آپس میں لڑنے مرنے لگیں۔

(۴) **داسم**۔ یہ فساد کراتا ہے گھر میں داخل ہو کر گھر والوں کو ایک دوسرے کے خلاف ابھارتا ہے ان کے عیوب ظاہر کر کے غصہ دلاتا ہے اور اس طرح گھر کو جہنم کدہ بنا دیتا ہے اور گھر میں روزانہ صبح و شام لڑائی جھگڑا معمول بن جاتا ہے۔ گھر والوں کے کھانے میں شریک

ہوتا ہے اگر گھر کے افراد بسم اللہ پڑھ کر کھانا کھاتے ہیں تو شرکت نہیں کر سکتا۔

(۵) زَلَنْبُوْر۔ یہ بازاروں میں گھومتا ہے لوگوں کو بے ایمانی، کم تولنے، جیب کاٹنے، دوکانداروں کو لوٹنے، ڈاکے مارنے، لوگوں میں فساد کرانے کا کام کرتا ہے۔

ان کے علاوہ بھی شیطان کی اولاد کے نام ہیں مثلاً۔ ہرہ، تیر، مطروس، لاقیس، ولبان، موحش، شریدہ۔

موحش کا کام علماء کو بہکانا ان کو غلط راہ پر لگانا، ان کو تقویٰ و طہارت سے دور رکھنا ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت سے قبل جن آسمانوں پر جاتے تھے اور فرشتوں کی باہمی گفتگو جو احکام الٰہی سے تعلق رکھتی تھی اس میں اپنی طرف سے سینکڑوں جھوٹی باتیں ملا کر نجومیوں اور کاہنوں کے دل میں ڈالتے تھے۔ نجومی اور کاہن ان جھوٹی باتوں کو لوگوں کو بتاتے تھے اور اچھی خاصی رقم ان سے لے لیتے تھے۔ جب نبی آخر الزمان حضرت محمد مصطفیٰ احمد مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وسلم مبعوث ہوئے اور وحی کا سلسلہ شروع ہوا تو جنوں کا آسمانوں پر جانا بالکل بند کر دیا گیا۔ اگر آسمان کی طرف جاتے تو ان پر آگ برسائی جاتی جس سے ناکام واپس لوٹ آتے۔

جنات کی قسمیں: جن کی تین قسمیں مشہور ہیں۔

(۱) پردار جنات جو آسمان کے نیچے

رہتے ہیں۔

(۲) دوسرے سانپ اور کتے کی شکل کے جنات۔

(۳) تیسرے وہ جنات جو سواریوں پر سوار ہوتے اور اترتے ہیں۔

ان کے علاوہ بھی جنات کی قسمیں ہیں۔

ابلیس، شیاطین، مردہ، عفریت، عفاریت، اعوان، غواصون، طیاردن، توابع۔ قرنا، عمار۔

کیا جن جنت میں جائیں گے

ہاں وہ جن جو مسلمان ہیں وہ ضرور جنت میں جائیں گے اور وہاں کی ہمیشہ رہنے والی نعمتوں سے فائدہ اٹھائیں گے۔

جنات کی خوراک اور خواہشات

انسانوں کی طرح جنات میں بھی وہ تمام خواہشات پائی جاتی ہیں۔ ان کے اولاد ہوتی ہے۔ وہ تمام غذائیں جو انسان کھاتا ہے وہ بھی کھاتے ہیں۔ پانی اور شربت پیتے ہیں ان کے علاوہ ان کی خوراک میں ٹھیکری، کوئلہ، پتھر، ہڈی، گوبر، لید وغیرہ ہے۔ اسی وجہ سے کوئلہ، ہڈی، پتھر، گوبر وغیرہ سے استنجا منع کیا گیا کہ یہ جنات کی خوراک ہے۔ شرعی طریقے پر ذبح شدہ جانور کا گوشت کھانے کے بعد لوگ وہ ہڈی پھینک دیتے ہیں تو جب جنات اس ہڈی کو اٹھاتا ہے تو اس پر پہلے سے زیادہ گوشت پیدا

ہو جاتا ہے اور وہ، وہ گوشت کھاتا ہے۔ اسی وجہ سے ذبیحہ کی ہڈیوں کو بُری، گندی جگہ پر ڈالنے سے منع کیا گیا تاکہ مسلمان جنات کی خوراک ضائع نہ ہو۔

قرآن مجید کے احکامات

قرآن مجید کے تمام احکامات انسانوں اور جنات کے لئے یکساں ہے۔ ان میں کوئی تفریق نہیں ہے۔ عبادات، اچھے اخلاق کو اپنانا دونوں پر لازم ہے۔ بُری باتوں، گناہوں اور اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی نافرمانی دونوں کے لئے گناہ ہے۔

جس طرح انسانوں میں دو قسم کے لوگ ہیں مؤمن یا کافر اسی طرح جنات میں بھی مؤمن اور کافر ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے ابلیس کو اس کی سرکشی اور نافرمانی اور کفر کی وجہ سے شیطان کہا۔ پھر دوسرے جنوں کو بھی ان کے کفر اور نافرمانی کے سبب شیاطین بنایا۔ اسی طرح انسان جو سرکشی کرتے ہیں اور کفر کا طریقہ اختیار کرتے ہیں ان کو بھی شیاطین اور شیطان کہا جاتا ہے۔

ابلیس کو اللہ تعالیٰ نے حکم دیا کہ حضرت آدم علیہ السلام کو سجدہ کرو۔ اس نے اللہ تعالیٰ کا حکم نہ مانا اور نافرمانی کی لہٰذا راندۂ درگاہ ہو گیا۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام اور بی بی حوا کو آسمان سے اُتار کر زمین پر آباد کیا اور جنات کو پہاڑوں اور جزیروں میں دھکیل دیا۔

جنات کی صورتیں اور ان کے کام

جنات کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ جب چاہیں کسی ذی روح کی شکل اختیار کر کے سامنے آجائیں اور جب چاہیں غائب ہو جائیں۔ جنات گرمی میں آدھے دن کے بعد اور سردی میں آدھی رات کے بعد نکلتے ہیں۔

حدیث شریف میں ہے۔

جب رات شروع ہو جائے یا رات شروع ہو گئی ہو تو اپنے بچوں کو روک رکھو (یعنی باہر نہ نکلنے دو) اس لئے کہ شیطان کا گروہ زمین پر پھیل جاتا ہے۔

جنات، سانپ، کتا، ریچھ، بندر اور بلی کی شکل میں زیادہ ظاہر ہوتے ہیں۔ کبھی کالے کتے کی شکل میں آتا ہے۔

جنات کی تعداد

جنات کی تعداد انسانوں سے زیادہ ہے کیونکہ وہ انسان کے دنیا میں آنے سے پہلے سے آباد ہیں۔

جنات کی رہائش

جنات، ندی، نالوں، دریا، سمندر، پہاڑوں، باغات، بیابان، صحرا، جنگلوں میں رہتے ہیں۔ ان کی حدود مقرر ہوتی ہیں جو اپنی حد سے آگے جاتا ہے تو دوسرے جن جو وہاں مقیم ہوتے ہیں اس پر حملہ کر دیتے ہیں۔

روشنی

بعض مرتبہ جگہ جگہ رات کو خود بخود روشنی

ہوتی ہے اور ختم ہو جاتی ہے اور کبھی یہ سلسلہ دور تک چلا جاتا ہے۔ یہ جنات شادی یا موت کے موقعہ پر اکٹھے ہو کر ایک جگہ سے دوسری جگہ جاتے ہیں۔ یہ سب جنات کا کرشمہ ہوتا ہے۔ کبھی جنگل میں روشنی کا بگولہ جاتا ہوا نظر آتا ہے

بگولہ بعض مرتبہ ہوا کے ساتھ مٹی گھوم کر اوپر کو اٹھتی ہے اسے گرد باد یا بگولہ کہا جاتا ہے۔ بعض جگہ ایک بگولہ اٹھتا ہے اور بعض جگہ بہت سے بگولے گردش کرتے ہوئے آگے بڑھتے چلے جاتے ہیں۔ عوام اسے بھوت یا پریوں کا اترنا بھی کہتے ہیں اور کہتے ہیں کہ جو شخص اس میں پھنس جاتا ہے اسے بھوت اڑا کر لے جاتے ہیں۔ یہ سب جنات کا کرشمہ ہوتا ہے جو شادی یا غمی کے موقعہ پر خاک اڑاتے ہوئے ادھر سے ادھر جاتے ہیں۔

کسی بچے، بڑے، عورت یا لڑکی پر جن آنا اکثر میٹھی چیز کھا کر باہر نکلنے سے یا عطر اور پھیلنے والی خوشبو لگا کر نکلنے سے اور بعض مرتبہ جنات کے بچے کو ٹھوکر مارنے سے یا بعض مرتبہ ان پر یا ان کے بچوں پر پیشاب کرنے سے جن لپٹ جاتا ہے۔ مثلاً کسی کوڑے کے ڈھیر پر جنات جمع ہیں اور وہاں سے نکال نکال کر مختلف چیزیں کھا رہے ہیں کسی نے اس کوڑے کے ڈھیر پر پیشاب کر دیا یا کسی ویران جگہ رات کو جا کر پیشاب کر دیا وہاں جنات کا ٹھکانہ تھا، یا سڑک

کے کنارے ویران جگہ جنات کے بچے کھیل رہے ہیں لیٹے ہیں یا بیٹھے ہیں کوئی شخص جا رہا ہے اور جاتے جاتے ٹھوکر لگی۔ اس طرح جنات کو غصہ آجاتا ہے کہ ہمارے بچے کو ٹھوکر مار دی حالانکہ انسان کو کیا معلوم کہ یہاں جنات کے بچے موجود ہیں یہاں سے دور ہو کر چلوں۔ اسی طرح کوئی عورت تیز خوشبو لگا کر کہیں شادی بیاہ میں جا رہی ہے تو جنات اس کے پیچھے لگ جاتے ہیں۔ اور اس پر جنات کا اثر ہو جاتا ہے جس سے دماغ ماؤف ہو جاتا ہے اور آواز بھاری ہو جاتی ہے اسی طرح آدمی، بچہ، بڑوں کو گھر سے نکل جاتا ہے جنگلوں اور پہاڑوں پر گھومتا پھرتا ہے۔ کبھی ہنستا ہے کبھی روتا ہے رات رات نہ خود سوتا ہے نہ گھر والوں کو سونے دیتا ہے کبھی مریض بے ہوش ہو جاتا ہے اور گھنٹوں بے ہوش پڑا رہتا ہے کبھی کبھی پیشاب نکل جاتا ہے۔

جن کا اثر انسان پر ہوتا ہے بلکہ جن انسان کے جسم میں داخل ہو جاتا ہے جمائی آنے پر جو شخص اپنا ہاتھ منہ پر نہیں رکھتا شیطان اس جمائی کے دوران کھلے منہ کے ذریعہ پیٹ میں داخل ہو جاتا ہے۔

مرگی کا مرض جس شخص پر جن کا اثر ہوتا ہے بعض مرتبہ اس کو دورہ پڑتا ہے اور وہ بے ہوش ہو کر گر پڑتا ہے اور جس انسان پر جن یا آسیب کا اثر

ہوتا ہے وہ بھی بے ہوش ہو کر گر پڑتا ہے۔

بعض لوگوں پر تھوڑی سی دیوانگی ہوتی ہے یہ آسیب یا جن کے سبب ہوتی ہے بعض پر ہمزاد کا اثر ہوتا ہے جو انسان کے ہمراہ پیدا ہوتا ہے۔

مجنون بعض مرتبہ جن کے اثر والا خلافِ عقل یا اپنی طاقت سے زیادہ طاقت کا مظاہرہ کرتا ہے اور دیوانوں جیسی حرکات کرتا ہے۔

جنات کی رہائش عفاریت (عفریت کی جمع) چشموں اور کنوؤں میں رہتے ہیں۔ شیاطین آبادیوں میں اور انسانی قبرستانوں میں، طواغیت اس جگہ رہتے ہیں جہاں خون پڑا رہتا ہے مذبح خانوں میں اور اس کے اردگرد۔ زوابعہ ہوا میں، کبار شیاطین آتش خانوں میں۔ تواقیف و عقاریت جو عورتوں کے شکل میں ہیں بڑے بڑے درختوں اور باغوں میں اور سیاسب پہاڑوں اور ویرانوں میں اور غول بیابانوں میں۔ ان کی کثرت مردوں اور عورتوں اور بچوں کو نقصان پہنچانے والی ہے۔

شیطان کا علاج حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ نے القول الجمیل میں لکھا ہے کہ جس شخص کو شیطان نے پاگل خبطی کر دیا ہو تو اس کے بائیں کان میں سات بار یہ آیت پڑھ کر سنائے۔

وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمٰنَ وَاَلْقَيْنَا عَلٰى كُرْسِيِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ ۝

اس عمل سے شیطان جل جائے گا۔

جنّات کا دوسرا علاج

جس کسی پر جن کا اثر ہو اس کے لئے مندرجہ ذیل کلمات پڑھ کر اس مریض پر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ وہ ہوش میں آجائے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ الٓمّٓصٓ ۝ طٰهٰ ۝ طٰسٓمٓ ۝ كٓهٰيٰعٓصٓ ۝ يٰسٓ ۝ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ۝ حٰمٓ ۝ عٓسٓقٓ ۝ قٓ ۝ نٓ ۝ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ ۝

جنّات کا تیسرا علاج

جس شخص پر جنّات کا اثر ہو اس پر یہ آیت پڑھ کر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ جنّات دفع ہو جائے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔

قُلِ اللّٰهُ اَذِنَ لَكُمْ اَمْ عَلَى اللّٰهِ تَفْتَرُوْنَ ۝

جنّات اور جادو

جادو میں تنتر منتر سے کام لیا جاتا ہے اس کا تعلق صرف جنّات ہی سے ہے۔ تنتر میں کچھ کام کئے جاتے ہیں اور منتر میں الفاظ پڑھے جاتے ہیں جس کے ساتھ کچھ کام بھی کیا جاتا ہے۔

جادو میں منتر کے ذریعہ جنّات کی تعریف و توصیف اور بڑائی بیان کی جاتی ہے ان کو وکیل و کارساز کہہ کر اس سے کام لیا جاتا ہے۔ ان سے امداد و اعانت مانگی جاتی ہے

جس سے جنات خوش ہو کر ان کی امداد و اعانت کرتے ہیں اور تکمیل خواہشات کی کوشش کرتے ہیں۔ یہ جادو اصلیت کے لحاظ سے دو قسم کا ہوتا ہے

ایک قسم جادو کی وہ ہے جس میں چیز کی اصلیت نہیں بدلتی اسے نظر بندی کہتے ہیں۔ اس میں کچھ کا کچھ نظر آتا ہے اور انسانی خیال دھوکہ کھا جاتا ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام اور لوگوں کو رسی کے سانپ دکھائی دے رہے تھے حالانکہ وہ رسیاں تھیں۔

جادو کی دوسری قسم وہ ہے جس میں اصلیت بدل جاتی ہے مثلاً جادو کے زور سے کسی انسان کو جانور کی شکل بنا لینا۔

جادو وہ ہے جو کسی حرام فعل یا قول کی مزاولت کی وجہ سے جو قوت و قدرت خارق عادت حاصل ہوتی ہے۔

اقسام سحر میں وہ ہیں جن میں ارواح ارضیہ سے مدد چاہی جاتی ہے اس کا نام عزیمت اور تسخیر جن ہے۔

جادوگر ان کاموں کی نسبت ارواح خبیثہ شیاطین و اصنام و کواکب کی طرف کرتے اور انہی کی تاثیر مانتے ہیں۔

جادو میں ایک قسم ستارہ پرستوں کا جادو ہے یہ سبع سیارہ (سات ستاروں) کی نسبت اعتقاد رکھتے ہیں کہ بھلائی و برائی انہی کے سبب ہوتی ہے اسی لئے ان کی طرف خطاب کر کے مقررہ الفاظ پڑھتے ہیں اور انہی کی پرستش کرتے ہیں۔

ایک قسم جادو کی یہ ہے کہ جنات وغیرہ زمین والوں کی

روحوں سے امداد و اعانت طلب کرتا ہے۔ ان روحوں کے ساتھ بعض مخصوص الفاظ و اعمال سے تعلق پیدا کرتے ہیں اسے سحر بالعزائم اور تسخیر بھی کہتے ہیں۔

آسیب زدہ اور مسحور (جس پر جادو کیا گیا ہو) میں فرق یہ ہے کہ آسیب زدہ پر تو جن از خود مسلط ہو جاتا ہے اور مسحور پر عامل (جادوگر) افعال و الفاظ کے ذریعہ مسلط کر دیتا ہے۔

ہمزاد یا قرین ہمزاد یا قرین، یہ دونوں ایک ہی ذی روح کے نام ہیں۔ یہ ایک جن ہوتا ہے یا شیطان دیگر عام جنات سے الگ اس کی خاص اہمیت ہے اس لئے کہ یہ جن انسان کے ہمراہ پیدا ہوتا ہے اور ہر وقت انسان کے ساتھ ہی رہتا ہے۔ جو آدمی نیک ہوتا ہے اس کا قرین یعنی ہمزاد (ساتھی جن) بھی صالح صحبت کی وجہ سے نیک بن جاتا ہے اور جو انسان کفر و شرک میں مبتلا ہوتا ہے تو اس کا ہمزاد (قرین) بھی کافر و مشرک ہوتا ہے، مرد انسان کے ساتھ جن اور انسان عورت کے ساتھ جنیہ پیدا ہوتی ہے۔ عاملین اسی اپنے ہمزاد ہی کو اعمال کے ذریعہ اپنا فرمانبردار اور مطیع بنا لیتے ہیں اور ضرورت کے وقت اس سے کام لیتے ہیں۔

جنوں کی دو قسمیں ہیں، ایک تو وہ جن، جن کی پیدائش ماں باپ کے ذریعہ سے ہوتی ہے جس طرح انسان ماں باپ کے ذریعہ پیدا ہوتے ہیں۔ دوسرے وہ جن جو انسان کے ساتھ پیدا ہوتے ہیں۔ لڑکے کے ساتھ لڑکا، لڑکی کے ساتھ لڑکی۔ اور جب یہ لڑکا یا لڑکی مر جاتے ہیں تو وہ جن (ہمزاد) مرتا نہیں ہے بلکہ آزاد ہو کر علیحدہ رہتے ہیں۔

سحر، جادو، سفلی کی حقیقت اور اس کا حکم

سحر، یا جادو ایک نفس الامری حقیقت اور واقعی چیز ہے۔ صرف خیالی شئے نہیں ہے۔ قرآن پاک کی آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ سحر کی تعلیم و تعلم ہوتی ہے اور تعلیم و تعلم واقعی شئے کا ہوا کرتا ہے۔ خیالی اور وہمی کا نہیں۔

اسی طرح رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر ایک یہودی لبید بن اعصم نے جادو کیا تھا جس کا حدیث میں ذکر ہے۔ یہودیوں سے میل جول کی وجہ سے عرب کے دوسرے لوگوں میں بھی جادو کرانے کا رواج پڑ گیا تھا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر جادو اور سحر کے اثرات واقعی بات تھی محض خیالی و وہمی نہ تھی۔ یہی وجہ ہے کہ اس جادو کے باطل کرنے اور اس کا توڑ کرنے کے لئے معوذتین نازل فرمائی گئیں۔

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حدیث میں جادو کرنے اور جادو کرانے والے کے بارے میں سخت جملہ استعمال فرمایا ہے۔

(سحر) جادو کرنے والا ہم میں سے نہیں ہے۔ یعنی اس کا ہم سے کوئی تعلق نہیں ہے یعنی وہ اسلام سے پھر جاتا ہے۔

علماء نے سحر کے مختلف معانی ذکر کئے ہیں۔ علامہ حافظ ابن حجرؒ نے بیان کیا ہے کہ

(۱) محض قوت خیالیہ کی مدد سے کوئی تصرف کرنا یا کسی شاطرانہ چال سے کسی کو فریب دے دینا بھی ہیں جسے عرف عام میں ہاتھ کی صفائی، نظر بندی یا شعبدہ بازی کہا جاتا ہے۔ جس کی حقیقت کچھ نہیں ہوتی۔ صرف نظر کا دھوکہ اور قوت خیالیہ کا کھیل ہوتا ہے۔

یعنی سحر کی ایک قسم یہ بھی ہے۔ اس قسم کے سحر کی بدولت حضرت موسیٰ علیہ السلام کے خیال میں جادوگروں کے سحر کی وجہ سے ان کی لاٹھیاں اور رسیاں دوڑتی، اڑتی محسوس ہو رہی تھیں اسی طرح

سَحَرُوْٓا اَعْيُنَ النَّاسِ۔ کے معنی یہ ہیں کہ لوگوں کی آنکھوں کو انہوں نے مسحور کر دیا تھا یعنی ان کی نظر بند کر دی تھی۔ گویا یہ سب کچھ صرف قوت خیالیہ کا تصرف اور اس کی شعبدہ بازی تھی جس کی واقعی حقیقت کچھ نہیں تھی۔

سحر کی دوسری قسم

(۲) سحر کا اطلاق ایسی لطیف اور دقیق چیز پر بھی ہوتا ہے جس کا ادراک آسان نہ ہو، یا اس کے اسباب پوشیدہ ہوں۔

سحر کی تیسری قسم

(۳) سحر کی تیسری قسم وہ ہے جو شیاطین سے خصوصی قرب و

تعلق کی بنا پر ان کی مدد سے حاصل ہوتی ہے۔

سحر کی چوتھی قسم

(۴) سحر کے ایک اور معنی یہ ہیں کہ نجوم و کواکب سے استعانت کے ذریعہ ان کی مزعومہ باطنی مدد سے کوئی عمل کیا جائے۔ اہل بابل میں سحر کی اس قسم کا زیادہ رواج تھا۔ وہ نجوم پرست تھے۔ سبع سیارات کو وہ اپنے معبود اور اس عالم میں ان کو مؤثر و فعال سمجھتے تھے۔ ان سات ستاروں کے ناموں کے بُت بنا کر ان کی پوجا کیا کرتے تھے اور عمل سحر میں ان کو مخاطب بنا کر ان سے مدد مانگتے اور اپنے گمان کے مطابق ان کی روحانی اور باطنی تاثیرات کے ذریعہ اپنے سحر کو مؤثر بناتے تھے۔ یہ لوگ علم نجوم کے بڑے ماہر تھے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام ان ہی کی طرف مبعوث فرمائے گئے تھے۔

سحر کی پانچویں قسم

(۵) سحر کی پانچویں قسم طلسم کہلاتی ہے۔ اس میں کواکب اور ان کی منازل و بروج کا لحاظ رکھ کر عمل کیا جاتا ہے۔ مثلاً ان کے یہاں قمر کے برج عقرب میں ہونے کے وقت انگشتری پر شبیہہ عقرب کندہ کرا کے استعمال کرنا لدغ عقرب سے حفاظت کا سبب تصور کیا جاتا ہے۔

لیکن یہ عمل بھی اگر کواکب اور ان کی منازل کو مؤثر حقیقی سمجھ کر کیا گیا ہو تو حرام اور شرک ہے۔

سحر کے اثرات کتاب و سنّت کی روشنی میں:۔

سحر کے اثرات سے جسم انسانی اور دل و دماغ کا متأثر ہونا، مختلف قسم کے عوارض و امراض کا لپٹ جانا، باہمی اختلافات اور تفریق بین الزوجین جیسے مفاسد کا وجود میں آنا یہ سب ایسی چیزیں ہیں جن کا انکار نہیں کیا جا سکتا۔ کتاب و سنت کی نصوص میں بھی اس کی تصریح موجود ہے۔ صحیح بخاری میں حضرت عائشہؓ کی روایت میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر لبید بن اعصم یہودی نے جب سحر کیا اس وقت سحر کی وجہ سے آپ کی یہ کیفیت ہو گئی تھی کہ آپ نے جو کام ابھی تک نہیں کیا ہوتا تھا اس کے بارے میں آپ کو خیال ہوتا کہ کر لیا ہے۔ بعض مرتبہ خیال ہوتا تھا کہ میں ازواج کے پاس ہو آیا ہوں حالانکہ آپؐ گئے نہیں ہوتے تھے۔ مگر ان اثرات کا ظہور آپ پر صرف دنیوی چیزوں میں ہوتا تھا۔ دینی امور میں آپ معصوم تھے اس میں اشتباہ اور التباس سے اللہ تعالیٰ آپ کی حفاظت فرماتے تھے، بعد میں اللہ تعالیٰ نے سحر سے آپ کو مکمل شفاء عطا فرما دی تھی۔

سحر سے صورت تبدیل ہو سکتی ہے۔

بعض اہل علم کا قول ہے کہ سحر کے ذریعہ شکل و صورت تبدیل نہیں ہو سکتی لیکن بعض اھل علم کہتے ہیں کہ سحر

کے ذریعہ اشیاء کی حقیقت اور ماہیت وصورت کو تبدیل کیا جا سکتا ہے۔ مثلاً انسان کو حیوان کی صورت میں اور حیوان کو جماد کی صورت میں اور جماد کو حیوان کی صورت میں بدلا جا سکتا ہے۔

سحر کا شرعی حکم

سحر کے عمل کے بارے میں تمام فقہاء کرام کا اتفاق ہے کہ اس کا کرنا کرانا حرام اور بدترین گناہ کبیرہ ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے مہلک ترین چیزوں میں شمار فرمایا ہے اور سحر کا عمل اگر کلماتِ شرک وکفر یا اعمال کفریہ پر مشتمل ہو تو اس کا کرنا کفر اور کرنے والا خارج از اسلام اور بالاتفاق واجب القتل ہے۔

جمہور فقہاء کا مذہب بھی یہی ہے کہ ساحر کو قتل کرنا واجب ہے۔ حضرت عمر، حضرت ابن عمر اور حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہم وغیرہ کا بھی یہی مذہب تھا۔ پہلا یہ کہ مطلق سحر کی وجہ سے ساحر کافر ہو گیا اس لئے قتل کیا جائیگا اور یا اس کے زمین میں فساد برپا کرنے کی بنا پر اس کو قتل کرنا ضروری ہے۔ دونوں قول ہیں۔

سحر کا سیکھنا سکھانا حرام ہے۔ البتہ اگر سحر کے وہ کلمات کفر وشرک یا اعمالِ کفریہ پر مشتمل ہوں تو ان کا سیکھنا سکھانا کفر ہے۔ بعض حضرات نے کہا ہے کہ اگر سحر کی تعلیم و تعلم کا مقصود دوسروں کا گمراہ کرنا اور ان کو نقصان

پہنچانا ہے تب تو حرام ہے لیکن اگر مقصود نہ ہو تو مباح ہے

سحر کی بڑی قسمیں

سحر کی بڑی دو قسمیں ہیں ایک سحر یا جادو ہے جو اپنی تاثیر اور پختگی میں بہت خطرناک ہوتا ہے۔ اس سے آدمی کی شکل تبدیل کی جا سکتی ہے، آدمی کو لاعلاج مرض میں مبتلا کیا جا سکتا ہے۔ اس کو کسی حادثہ میں مبتلا کیا جا سکتا ہے۔

اگر کسی آدمی کو مارنا ہو تو اس کی مدت مقرر کر دی جاتی ہے کہ پانچ سال یا دس سال سحر یا جادو جب شروع ہوتا ہے تو وہ آدمی جس پر سحر کیا گیا ہے کبھی سر میں درد کی شکایت کرتا ہے کبھی چکر آجاتے ہیں کبھی دل دھڑکتا ہے، کبھی گھبراہٹ ہوتی ہے، کبھی پیٹ میں شدید درد ہوتا ہے۔ کبھی حادثہ (ایکسیڈنٹ) ہو جاتا ہے ہاتھ ٹوٹ جاتا ہے، کبھی سر پھٹ جاتا ہے کبھی ٹانگ ٹوٹ جاتی ہے، کبھی فالج کا حملہ ہو جاتا ہے غرضیکہ طرح طرح کے لاعلاج مرض چمٹ جاتے ہیں، حکیم، ڈاکٹر اول تو مرض کو سمجھ ہی نہیں پاتے اور علاج کرتے ہیں تو بالکل فائدہ نہیں ہوتا دوا الٹا اثر کرتی ہے بڑھتے بڑھتے مرض اس قدر زیادہ شدید ہو جاتا ہے کہ مریض چارپائی پر لیٹ جاتا ہے اٹھنا بیٹھنا

مشکل ہو جاتا ہے جب اس کی مدت پوری ہو جاتی ہے یعنی پانچ سال کے لئے جادو، سحر کرایا تھا تو اب پانچ سال پورے ہونے پر آدمی مر جاتا ہے۔ سحر یا جادو کے اثر کا اس طرح حملہ ہوتا ہے۔

یعنی شروع میں تکالیف کم ہوتی ہیں آہستہ آہستہ بڑھتی جاتی ہیں۔ بالآخر بہت سارے امراض گھیر لیتے ہیں اور مریض چارپائی پر پڑ جاتا ہے اس دوران اس کا کھانا سونا سب کم ہو جاتا ہے۔ دماغ اور دل بیکار ہو جاتے ہیں۔ سحر سیکھنے کے لئے خدا تعالیٰ کی ذات کا انکار کرنا پڑتا ہے اور ناپاکی کھانی پڑتی ہے۔

سحر جادو کی دوسری قسم

سحر جادو کی دوسری قسم سفلی جادو کہلاتی ہے اس کے اکیس درجے ہوتے ہیں۔ یہ ہلکا جادو ہوتا ہے۔ اگر کسی نے پانچ سال کے لئے کرایا ہے تو آدمی شروع میں بہت زیادہ متاثر ہوتا ہے۔ یعنی شروع میں اس عمل کا حملہ بہت زبردست ہوتا ہے آدمی گھر میں بلاوجہ لڑائی جھگڑے

گرتا ہے اول قول بکتا ہے۔ ہر وقت غصے میں بھرا رہتا ہے کھانا نہیں کھاتا۔ ہر چیز اسے بُری لگتی ہے۔ اچھی بات اسے بہت بُری معلوم ہوتی ہے۔ سفلی کا علاج روحانی اور سفلی دونوں طریقوں سے ہو سکتا ہے اگر کسی نے ایک درجے کا سفلی کیا ہے تو سوا درجے کا سفلی اس کو ختم کر دے گا لیکن شرط یہ ہے کہ سفلی کے زیادہ درجے کا ماہر ہو۔ عام طور پر سفلی والے ایک یا دو یا تین درجے تک سیکھتے ہیں۔ سفلی علم کی پہلی شرط یہ ہے کہ ناپاکی یعنی پاخانہ کھانا پڑتا ہے۔ ناپاک اور نجس اور بے غسل رہنا پڑتا ہے۔ اس کے بغیر سفلی عامل کامیاب نہیں ہوتا۔ سفلی کرنے والا نماز روزہ سے دور بھاگتا ہے پاکی صفائی سے اسے نفرت ہوتی ہے۔ سب سے اچھی بات یہ ہے کہ سفلی کا علاج روحانی طریقے سے کرائے۔

سفلی کا عمل مدت پوری ہونے کے بعد خود بخود ختم ہو جاتا ہے۔ ابتدا میں جتنی تیزی ہوتی ہے آہستہ آہستہ کم ہوتے ہوتے مدت پوری ہونے پر ختم ہو جاتی ہے۔ اس کی شکل سحر کے برخلاف ہوتی ہے۔



مدت پوری ہونے کے بعد سفلی از خود ختم ہو جاتا ہے۔

سحر اور سفلی دونوں میں شیاطین اور جنات بھینٹ لے کر کام کرتے ہیں اور لوگوں کو ستاتے، بیمار کر ڈالتے اور ان کا کاروبار تباہ کرتے ہیں۔ ملازمت اور نوکری ختم کرا دیتے ہیں۔ ہر ایک سے لڑائی جھگڑا کراتے ہیں۔ زمین۔ جائداد، دولت سب ختم کرا دیتے ہیں آدمی مالی وسائل اور آمدنی سے محروم ہو جاتا ہے۔ اسی طرح آہستہ آہستہ اس کی صحت بھی تباہ ہو جاتی ہے۔ یاد داشت ختم ہو جاتی ہے۔ بھول چوک بہت ہوتی ہے۔ جس کام میں ہاتھ ڈالتا ہے نقصان اٹھاتا ہے۔ جس کاروبار کو شروع کرتا گھاٹا ہوتا جاتا ہے۔ لوگوں کا قرض چڑھ جاتا ہے۔

سحر و سفلی کی نشانیاں

سحر و سفلی کی پہلی نشانی یہ ہے کہ آدمی کا دماغ ماؤف ہو جاتا ہے۔ اس کی یاد داشت ختم ہو جاتی ہے۔ بھول چوک کا مرض پیدا ہو جاتا ہے۔

اس کا دل بے چین رہتا ہے۔ گھبراہٹ بہت ہوتی ہے ایک جگہ جم کر بیٹھنا مشکل ہو جاتا ہے کسی کام میں دلچسپی نہیں رہتی نہ کسی کام میں دل لگتا ہے۔

بھوک بہت لگتی ہے لیکن کھایا نہیں جاتا۔ کھانا ہضم نہیں ہوتا۔ کوئی نہ کوئی مرض لگا رہتا ہے۔ دوا سے علاج سے فائدہ نہیں ہوتا۔ چکر آتے ہیں۔ بدن میں

دور رہتا ہے۔ سستی، کاہلی اور ٹال مٹول کی عادت پڑ جاتی ہے۔

جادو، سفلی کا علاج

جادو، سفلی کا علاج ممکن ہے۔ جس طرح سحر، جادو اور سفلی کے بہت سے طریقے ہیں اور اسی حساب سے ان کے اثرات بھی ہیں۔

مثلاً کسی آدمی کا پتلہ بنا کر اس کے گلے میں سحر یا سفلی کی عبارت لکھ کر ڈال دی جاتی ہے۔ سیندور، رائی، مرگھٹ کی راکھ، پیلے مسور کی دال کو مٹی کے کورے پیالوں میں بند کر کے اوپر چرخے سے کاتا ہوا دھاگہ لپیٹ کر اس پر سات قبروں کی مٹی گیلی کر کے لپیٹ کر کسی پرانے قبر میں ڈال دی جاتی ہے۔ دوسری طرف وہ آدمی بیمار ہوتا چلا جاتا ہے۔ اس کا ایک علاج تو یہ ہے کہ عمل کے ذریعہ یا موکل کے ذریعہ معلوم کیا جائے کہ کونسے قبرستان کی کس قبر میں پتلہ موجود ہے قبر کھول کر یا ایک دو اینٹ ہٹا کر اس کا پتلہ نکال کر اس کو توڑ پھوڑ کر دریا، سمندر، نہر، جھیل، تالاب یا کنوئیں میں ڈال دیا جائے۔ جادو، سفلی سب ختم، اب کسی علاج کی ضرورت نہیں مریض از خود تندرست ہو جائے گا۔ لیکن یہ عمل خطرناک ہے عامل پر حملہ ہو سکتا ہے۔

دوسرا طریقہ یہ ہے کہ تعویذات کے ذریعہ یا سورتوں کے ذریعہ اس کا علاج کیا جائے۔ سورۂ یٰسین شریف پڑھ کر

پانی پر دم کر کے اس کا پانی جب بھی پیاس لگے پلایا جائے۔
اسی طرح معوذتین (قل اعوذ برب الفلق آخر تک اور قل اعوذ برب الناس آخر تک) پڑھ کر پانی پر دم کر کے رکھ لیا جائے اور وہ پانی مریض کو کئی بار پلا جائے۔

بعض مرتبہ جادو کا پتلہ یا کاغذ پر مریض کی شکل بنا کر اس پر سفلی عمل کر کے کتے کے منہ میں رکھ کر اس کی چوٹی کچے دھاگے سے باندھ کر زندہ کتے کو قبر میں ڈال دیا جاتا ہے یا اسی طرح کا پتلہ بنا کر مینڈک یا مچھلی کو کھلا دیا جاتا ہے یا کسی پرندے کو کھلا دیا جاتا ہے۔ چنانچہ اس کے اثر سے مریض ایک جگہ جم کر نہیں بیٹھ سکتا وہ ادھر اُدھر بلا وجہ بھاگتا پھرتا ہے نہ کوئی مقصد نہ کوئی کام۔ جس طرح مچھلی یا مینڈک دریا یا سمندر میں تیرتے پھرتے یا پرندہ اُڑتا پھرتا ہے ان کو ایک جگہ ٹھہرنا مشکل ہے اسی طرح یہ شخص بھی زمین پر چلتا پھرتا رہتا ہے اسے سکون و قرار نہیں ہوتا۔ بے چینی رہتی ہے۔

لہٰذا ہر جادو کا علاج صرف مخصوص عملیات کے ذریعہ مشکل ہے اس کے لئے بھی الگ الگ عملیات و تعویذات کرنے سے علاج ہوگا ورنہ وقتی فائدہ کے علاوہ کچھ حاصل نہ ہوگا۔

علاج کا طریقہ

علاج کے سلسلے میں سب سے پہلے یہ بات دیکھنی ہے اور یہ معلوم کرنا ہے کہ اس شخص پر جادو، سفلی، جن بھوت کے اثر سے بیماری ہے یا یہ مرض ہے۔ اس کا پتہ لگانے کے لئے سب سے پہلے مریض کا چوبیس گھنٹے پہنا ہوا ایسا کپڑا لیا جائے جس کے نیچے دوسرا کپڑا نہ ہو یعنی عورت قمیض یا کرتہ پہنے لیکن باڈی یا شمیض کرتے کے نیچے نہ پہنے۔ اسی طرح مرد کرتے کے نیچے بنیان نہ پہنے اور رات کو بھی یہی کرتے یا قمیض کو پہن کر سوئے پھر مرض کی تشخیص کا طریقہ جو ہر آسان عملیات و تعویذات کی کتابوں کے شروع میں لکھا ہے اس طریقہ پر قمیض کو ناپ کر پھر اس پر متعلقہ آیات دم کر کے رکھ دے بیس منٹ بعد اس کو ناپ کر دیکھ لے کہ چھوٹی، یا بڑی یا برابر ہے۔ پھر اس کا علاج کرے اور ایک تعویذ گلے میں ڈالنے کا دے دے تاکہ جادو، سفلی یا سحر جادو کا اثر دوبارہ نہ ہو جائے وہ تعویذ گلے میں ڈالے یا دائیں بازو پہ باندھے اور عورت ہے تو گلے میں ڈالے یا بائیں بازو پہ باندھے۔

جب تعویذ گلے میں ڈال لیا یا بازو پہ باندھ لیا تو اس کے بعد اس تعویذ کو گلے سے یا بازو سے نہ نکالے بلکہ ہمیشہ گلے میں

پڑا رہے یا بازو پر بندھا رہے۔ پاک، ناپاک ہر حالت میں بندھا رہے۔

جنّات کو بھگانے کے لئے غلیہ دیا جاتا ہے اس میں یہ احتیاط کرے کہ یہ لکھدے کہ "جنات چلا جائے اگر نہ گیا تو جل جائے گا" تاکہ جلانے کے گناہ سے بچ جائے، ذی روح کا جلانا سخت گناہ ہے۔ اس طرح لکھنے کے باوجود نہ جائے اور جل جائے تو گناہ نہ ہوگا۔ کوئی بھی عمل کی کامیابی کے لئے ضروری ہے کہ انسان پر جن کا اثر نہ ہو، جادو سفلی کا اثر نہ ہو ورنہ عمل کسی بھی صورت میں کامیاب نہ ہوگا۔

لہٰذا عمل کو کامیابی سے ہمکنار کرنے کے لئے ضروری ہے کہ پہلے کپڑے کے ذریعہ تشخیص (چیک) کر لیا جائے کہ متعلقہ شخص یا عورت پر جن، جادو، سفلی کا اثر تو نہیں ہے، جب یہ معلوم ہو جائے تو عمل کرے انشاء اللہ تعالیٰ عمل میں ضرور کامیابی ہوگی۔ عمل کے دوران پاک بدن ہو، کپڑے پاک ہوں، قبلہ رُخ بیٹھے، تخلیہ (یعنی اس کمرے میں اکیلا ہو اور دروازہ بند ہو) ہو، مصلّہ پاک ہو، جگہ پاک ہو، کمرے میں ہر طرف خوشبو چھڑکے (عطر وغیرہ) یا چنبیلی اور گلاب کی پتیاں چاروں طرف بکھیر دے یا لوبان یا اگر بتی جلائے۔ پڑھنے کے دوران اس جگہ سے بالکل نہ اٹھے۔ خطرناک چلہ کرتے وقت حصار ضرور کرے ورنہ نقصان اٹھائے گا۔

وضو کا سامان بھی اسی کمرے میں رکھ لے ایک ٹب اور دو لوٹے پانی تاکہ اگر وضو ٹوٹ جائے تو اسی جگہ دوسرا وضو کر لے۔

جو وظیفہ پڑھے کسی عالم دین، متقی اور نیک خصلت بزرگ سے اس کے الفاظ کی تصحیح کر لے تاکہ غلط نہ پڑھے ورنہ محنت ضائع ہو جائے گی اگر کسی عمل کا، سورۃ کا، آیت کا، کلمات کا، الفاظ کا، اسماء ربانی کا، دعا کا چلہ کیا ہے اس کی ایک تعداد روزانہ پڑھنے کے لئے مقرر کر لے اور روزانہ اس تعداد میں پڑھ لیا کرے۔ اگر ایک دن ناغہ ہو جائے تو دوسرے دن دو مرتبہ پڑھ لے اگر دو دن مسلسل ناغہ ہو جائے تو تیسرے دن تین مرتبہ پڑھ کر عمل مکمل کر لے۔ اگر خدانخواستہ تین دن مسلسل ناغہ ہو گیا ہے تو عمل کا چلہ دوبارہ کرنا پڑھے گا تین دن کے ناغہ سے عمل باطل ہو گیا۔ عمل ٹوٹ گیا اب نیا چلہ کرے۔

محض عمل الٹنے کے ہوتے ہیں یعنی کرانے والے یا کرنے والے پر جادو لوٹ جائے۔ ایسے عمل میں بہت احتیاط کی ضرورت ہے۔ دوسرے کی طرف لوٹانے والے عمل میں غلطی ہو جائے احصار نہ کیا ہو یا حصار کیا ہو لیکن کامل حصار نہ ہوا ہو اپنی خود کی جان و مال کو خطرہ ہوتا ہے یا ڈر خوف کے عث حصار سے باہر نکل گیا تو پاگل ہونے یا خودکشی ر لینے کا خطرہ ہوتا ہے لہذا ایسا عمل کرنے سے پہلے

پابندیوں کو سامنے رکھے اور ان پر سختی سے پابند ہو کر عمل کرے۔ عمل کے الفاظ صحیح ادا کرے، تعداد مقررہ پوری پڑھے، بدن، کپڑے، جگہ، کمرہ سب پاک ہوں۔ بلکہ جگہ دھو کر پاک کر لے۔ غسل کر کے دھلے ہوئے یا نئے کپڑے پہن لے۔ حصار مکمل کرے۔ حصار ناقص ہوئی تو سخت نقصان کا اندیشہ ہے کیونکہ عمل اور چلے میں حصار سب سے بڑی بنیاد ہے حب اور محبت اور عشق کے عمل میں بھی بہت زیادہ احتیاط کی ضرورت ہے اس سلسلے میں لوگ دھوکہ دے کر، جھوٹ بول کر، فراڈ کھیل کر غلط کام کے لئے تعویذ یا عمل کرتے ہیں یا کراتے ہیں۔ روپے پیسے کے لالچ میں ناجائز طور پر عمل کرنا یا نقش و تعویذ دینا سخت گناہ اور اپنی دنیا و عاقبت برباد کرنا ہے۔ اسی طرح جھوٹ بول کر غلط تعویذ یا نقش لینا یا عمل کرانا، عمل کرنا سب بدترین گناہ ہیں لہذا اس سلسلے میں عاملین کو بہت زیادہ احتیاط کی ضرورت ہے۔

جن، بھوت، پریت، آسیب، دیو، چڑیل کے علاج کے سلسلے میں بھی سخت احتیاط اور خیال رکھنے کی ضرورت ہے ذرا سی بد احتیاطی سے جان، مال اور اولاد کو سخت خطرہ ہوتا ہے اور اکثر بہت زبردست نقصان اٹھانا پڑتا ہے یہ کام ہمیشہ حصار کر کے اور حصار کا عمل پڑھ کر اپنے دونوں ہاتھوں کی ہتھیلیوں پر دم کر کے تمام بدن پر ہاتھ پھیرنا ہے

کوئی جگہ ہاتھ پھیرنے سے رہ نہ جائے۔ اسی طرح حصار میں لکیر سے لکیر کو ملانا ہے لکیروں کے درمیان جگہ خالی نہ رہ جائے۔ اس میں وضو، غسل، پاک کپڑے، پاک جگہ اور خوشبو وغیرہ کا استعمال ضروری ہے لوبان یا اگر بتی ضرور جلائے۔ عمل کے وقت ہر دم ہوشیار اور چوکنا رہے جو کچھ پڑھ رہا ہے اس کے الفاظ کی ادائیگی عمدہ طریقہ پر کرے اگر نیند آرہی ہو یا سستی کاہلی ہو یا طبیعت ٹھیک نہ ہو تو کوئی عمل نہ کرے ورنہ نقصان کا اندیشہ ہے۔ صحیح الفاظ ادا کرے۔ اگر الفاظ صحیح ادا نہ ہوتے ہوں تو عمل نہ کرے، یا الفاظ کو کسی صحیح پڑھنے والے سے درست کرالے اور اس کو سنا کر صحیح کرلے۔

اگر تشخیص کے دوران کپڑا برابر رہے تو مریض کا علاج حکیم یا ڈاکٹر سے کرائے۔ اگر قرآنی علاج کرنا ہی ہے تو اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف درمیان میں اکتالیس ۴۱ مرتبہ الحمد شریف پوری سورت پڑھ کر پانی پر دم کرکے (پھونک مار کر) مریض کو پلائے۔

مریض کو یا جن والے کو یا جادو سفلی والے کو دن میں چار وقت پانی پڑھا ہوا یا تعویذ کا پلانا ہے یہ چار وقت جنات کی زیادہ شرارت اور سفلی جادو کی تیزی کے ہوتے ہیں ان اوقات میں مریض سخت تکلیف اور بے چینی محسوس کرتا ہے۔ وہ اوقات یہ ہیں:

۱۔ صبح سورج نکلنے کے بعد دس بجے تک
۲۔ دوپہر کو زوال سے لے کر دو بجے دن تک
۳۔ چار بجے دن سے رات نو بجے تک
۴۔ رات بارہ بجے سے دو بجے تک

اس لئے مریض یا سفلی جادو کے بیمار یا جن یا آسیب زدہ کو ان چار وقتوں میں پانی پلانا ہے تاکہ وہ مرض، جنات، یا سفلی جادو کی سختی سے محفوظ رہے اور اس کو زیادہ تکلیف نہ پہنچے۔ وہ اوقات یہ ہیں۔

۱۔ ناشتہ سے قبل ایک گھونٹ پانی پلانا ہے۔ زیادہ بھی پی سکتا ہے کم از کم ایک گھونٹ ہے۔
۲۔ دوپہر گیارہ بجے
۳۔ بعد نماز عصر سورج غروب ہونے سے قبل
۴۔ بعد نماز عشاء۔ سونے سے قبل

جنات اور سفلی والے کو رات کو سونے سے قبل اپنے بستر پر بھی ہلکے ہلکے چھینٹے مارنے چاہئیں۔ سونے کے کمرے میں بھی چاروں کونوں میں ہلکے ہلکے پانی کے چھینٹے مارے جائیں۔ اس طرح عمل کرنے سے رات کو سکون سے نیند آتی ہے ورنہ بے چینی رہتی ہے یا رات بھر جاگنا پڑتا ہے۔ جب بھی آنکھ لگتی ہے جھٹکا سا لگ جاتا ہے۔ جیسے کسی نے دھکا دے دیا یا اوپر سے گرا دیا۔ پھر جب ایک مرتبہ آنکھ کھل جاتی ہے تو دوبارہ نیند نہیں آتی۔

پھر اذان کے وقت آنکھ لگتی ہے تو صبح اٹھنا مشکل ہوتا ہے نماز فجر قضا ہو جاتی ہے۔

پینے والا تعویذ ہمیشہ باوضو گھولنا چاہیئے۔ پانی کا تعویذ بعد نماز عشاء باوضو گھول کر رکھ دے اور صبح سے پینا شروع کر دے۔

پینے والے تعویذ یا باندھنے والے تعویذ کو بے وضو ہاتھ نہ لگائے بلکہ کسی تھیلی یا کاغذ میں لپیٹ کر ہاتھ میں لے۔ باندھنے والے تعویذ کو پلاسٹک لپیٹ کر کالا دھاگہ باندھ کر موم جامہ کر کے باندھے۔ باندھنے کا ڈورا کالا یا نیلا ہو، کپڑا بھی کالا یا نیلا استعمال کرے۔ باوضو موم جامہ کرے اور تعویذ بنائے۔ تعویذ جیب میں رکھ کر پیشاب خانے یا پاخانے میں چلا گیا تو تعویذ اب کام نہیں کریں گے لہذا دوسرے تعویذ بناتے۔ اسی طرح باندھنے والا تعویذ بھی بغیر موم جامہ کئے گندی جگہ، پیشاب کرنے کی جگہ یا پاخانے میں نہ لے جائے ورنہ اس کا اثر ختم ہو جائے گا۔

جب تعویذ پرانا یا بوسیدہ ہو جائے اس کو کسی کاغذ میں لپیٹ کر پتھر باندھ کر یا اینٹ، ٹھیکری کا ٹکڑا باندھ کر کسی کنوئیں، نہر، دریا، سمندر، جھیل میں ڈال دے ورنہ کسی ایسی جگہ جنگل میں دفن کر دے جہاں لوگ بہت کم جاتے ہوں اور پاک جگہ ہو۔

بھاگنے والے یا گم ہو جانے والے کے لئے جو نقش یا تعویذ دفن کئے جاتے ہیں یا پیڑ وغیرہ میں لٹکائے جاتے ہیں ان کو بھاگنے والے کے آنے کے فوراً بعد یا گم ہو جانے والے کے مل جانے کے فوراً بعد اس نقش کو اس جگہ سے فوراً نکال لیا جائے ورنہ آنے والا پھر بھاگ جائے گا۔

جس عورت کے حمل کی حفاظت کے لئے گنڈہ یا تعویذ حمل کے دوران بندھوایا گیا ہے وہ گنڈہ یا تعویذ بچہ پیدا ہونے کے بعد بچے کو نہلا کر فوراً اس کے گلے میں باندھ دیا جائے ورنہ بچہ کے مر جانے کا خطرہ رہتا ہے۔

جن، بھوت سحر، جادو کے علاج کے بعد گلے یا بازو پر حفاظتی نقش ضرور باندھنا چاہیئے۔ جو تعویذ پینے کے لئے دیئے ہیں انہی میں سے ایک تعویذ لے کر موم جامہ کر کے گلے یا مرد ہے تو دائیں بازو پر اور اگر عورت ہے تو بائیں بازو پر باندھے اور اس نقش یا تعویذ کو گلے یا ہاتھ سے کسی حالت میں نہ اتارے۔

پینے یا باندھنے کے تعویذ کسی حالت میں بھی غسل خانے یا پاخانے میں نہ لے جائیں اگر غلطی سے تعویذ جیب میں ہیں اور اسی حالت میں غسل خانے یا پاخانے میں چلا گیا تو اب ان تعویذوں کو سمندر، یا دریا، نہر، کنوئیں، تالاب میں ٹھنڈا کر دے یا پاک زمین میں گڑھا کھود کر دفن کر دے۔ اب ان کے استعمال سے فائدہ نہ ہوگا۔

اگر تعویذ بوسیدہ، پرانا اور خراب ہو جائے یا اس کے حروف و نقوش مٹ جائیں تو اس نقش یا تعویذ کو ایک بوتل یا پلاسٹک کی تھیلی میں ڈال کر کسی پاک جگہ دفن کر دیں۔ یا پتھر باندھ کر نہر، دریا، سمندر، جھیل، کنویں میں ڈال دیں۔ اس کو کچرے کوڑے میں نہ پھینکیں نہ گندے پانی کے نالے میں ڈالیں۔ یہ سخت گناہ کی بات ہے لہذا سخت احتیاط کی ضرورت ہے۔

جس طرح جادو، سفلی، سحر کے ذریعہ صحت، طاقت، قوت مردمی، اولاد کا ہونا، ہر قسم کی ترقی کو بند کیا جاتا ہے اسی طرح جادو، سفلی، سحر کے ذریعہ انسانی کاروبار، انسانی ملازمت اور نوکری کی بندش بھی کر دی جاتی ہے جس کے سبب انسان اعلیٰ صلاحیتوں اور قابلیت کے باوجود در در کی ٹھوکریں کھاتا ہے لیکن اُسے اس کی اہلیت و قابلیت کے مطابق عہدہ یا منصب نہیں ملتا ہے۔ اگر کسی سفارش کے ذریعہ عہدہ مل بھی گیا تو چند دن بعد جواب مل جاتا ہے۔ انسان سارا دن در در کی ٹھوکریں کھاتا ہے۔ مصیبتیں جھیلتا ہے اور شام کو ناکام گھر لوٹتا ہے۔

اس کے لئے وظیفے، وظائف، عملیات کرنا فضول ہیں ان میں کامیابی نہیں ہوتی اس کا سبب یہ سفلی، جادو، سحر ہے۔ سب سے پہلے سفلی، جادو، سحر کا علاج کیا جائے اس کے بعد ایک نقش سورۃ مزمل کا باوضو ایک کاغذ پر عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھا جائے اور لپیٹ کر موم جامہ کر کے کالی ڈوری باندھ کر گلے میں ڈال لے یا مرد ہے تو دائیں بازو پر باندھ لے اور اگر عورت ہے تو بائیں بازو پر باندھ لے۔ اس کو چار پانچ سال کے لئے گلے میں یا بازو پر بندھا رہنے دے کیونکہ جادو کا پتلہ معلوم نہیں کتنے عرصے کے لئے دفن کیا گیا ہے جب تک وہ دفن ہے جادو کے اثرات کا خطرہ بھی باقی ہے لہذا اس نقش کو باندھنے کے بعد کبھی نہ اتارے۔ نہاتے وقت، میاں بیوی کے تعلقات کے وقت، کہیں سفر پر جاتے وقت۔

بعض عاملین کے نزدیک دریا یا سمندر پار کرنے سے جادو اتر جاتا ہے۔ یہ بات اس وقت صحیح ہے جب انسان سمندر پار آباد ہو جائے یا دریا پار چلا جائے پھر واپس نہ آئے۔ اگر واپس آ گیا تو پھر جادو اثر کرنا شروع کر دے گا۔

برائے حُب

یَا طَعَّمُوْنَا۔ ستر (۷۰) بار دم کر کے کھلائے۔ جس کو کھلائے گا وہ محبت کرنے لگے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

برائے آسیب

نقش ذیل آسیب زدہ کے واسطے مجرب اور مفید ہے باوضو لکھ کر عورت کی چوٹی میں باندھے اور اگر بچے کو نظر بد لگ جائے تو یہ نقش معظم گلے میں ڈال دے۔ وہ نقش یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۵

عمل دُعائے سیفی

www.freeamliyaatbookspdf

دُعاءِ سیفی کے اسناد میں لکھا ہے کہ ستر ہزار جن، ستر ہزار ملائکہ یعنی فرشتے اور ستر ہزار رُوحانی بطور مؤکلات اس دُعا کی خدمت پر مامور اور مقرر ہیں، جو حسبِ استعداد اور مطابق قابلیت اہلِ دعوت عامل دُعاءِ سیفی کے پاس حاضر ہوتے ہیں اور اس کے ظاہری و باطنی اور دینی و دنیوی کاموں میں امداد کرتے ہیں لکھا ہے کہ جس وقت عاملِ اہلِ دعوت دُعاءِ سیفی کا ورد شروع کرتا ہے اور کہتا ہے:۔ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ اللّٰہُ الْمَلِکُ الْحَقُّ تو ان تمام مؤکلات علوی اور سفلی میں اس طرح کا ہیجان اور اہتزاز پیدا ہو جاتا ہے جس طرح شہد کے چھتے کو چھیڑنے سے شہد کی مکھیوں میں شور اور انتشار پیدا ہو جاتا ہے اور جس قدر عامل اہلِ دعوت کے پڑھنے میں باطنی قوت اور کشش ہوتی ہے۔ اسی قدر مؤکلات اہلِ دعوت کے پاس حاضر ہو کر اس کی خدمت پر کمربستہ ہو جاتے ہیں۔ اگر عامل اہلِ دعوت قہر اور غضب سے متعہدی اور ہلاکت موذی دشمن کے لیے دُعا مذکور پڑھتا ہے تو مؤکلات طرح طرح کے باطنی ہتھیاروں اور اوزاروں مثلاً تلوار، نیزوں، تیر کمان اور بندوق وغیرہ سے لیس ہو کر اہلِ دعوت کے پاس حاضر ہوتے ہیں اور [illegible]

طرف عامل اشارہ کرتا ہے، اس پر مؤکلات جا کر ٹوٹ پڑتے ہیں اور وہاں تباہی مچا دیتے ہیں اور اگر عامل اہلِ دعوت تسخیرِ قلوب اور فتوحاتِ غیبی کی نیت اور ارادے سے دعاءِ سیفی پڑھتا ہے تو مؤکلات ہاتھوں میں طرح طرح کے نقد و جنس اور قسم قسم کے تحفے تحائف اٹھائے ہوئے عامل کے پاس حاضر ہوتے ہیں اور اس کے پیش ہوتے ہیں اور اگر کسی ایک محبوب و مطلوب کے تسخیر اور محبت کے لیے پڑھتا ہے تو مؤکلات اسی محبوب و مطلوب کو زنجیرِ تسخیر میں جکڑ کر حاضر کر دیتے ہیں اور عامل اہلِ دعوت کے تابع فرمان بنا دیتے ہیں۔ اس فقیر نے اس دعاء کو برزبان یاد کر کے اسے بہت پڑھا ہے اور باطن میں اس دعاء کی بہت عجیب قوتِ تسخیر و تاثیر اور اللہ تعالیٰ کے نزدیک اس کی بڑی توقیر دیکھی ہے۔ اگر دورانِ عمل میں طالب کو باطن میں کوئی شخص خواب مراقبے یا نیم بیداری کے اندر کوئی ہتھیار از قسم چھری، تیر کمان، نیزہ یا تلوار وغیرہ پیش کرے تو جانے کہ اس کا جلالی عمل جاری ہو گیا ہے اور اگر آئینہ پیش کرے تو یہ عمل جمالی کے اجراء کی علامت ہے۔ اس کے پڑھنے کا سب سے آسان طریقہ یہ ہے کہ صبح کی نماز کے بعد ایک دفعہ سورۃ یٰسین پڑھ کر دعاءِ سیفی ایک دفعہ روزانہ پڑھے۔ اس دعاء کے اندر بعض خاص خاص مقامات ہیں۔ وہاں عامل کو حسبِ مدعا اشارہ کرنا پڑتا ہے مثلاً بعض دعائیں محبت و تسخیر کے لیے، بعض ہلاکت و مقہوری دشمن کے لیے اور بعض دیگر حاجات کے لیے مخصوص ہیں۔ عامل اُس مقام پر اپنی مدعا کے مطابق اشارہ کرے اگر دعاءِ سیفی پڑھنے سے پیشتر بطور حصار الحمد شریف، آیت الکرسی اور چاروں قل پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے اور بعدہٗ سورۃ یٰسین اور دعاءِ سیفی پڑھے تو بہت بہتر ہے۔

واضح ہو کہ دعاءِ سیفی میں بعض جگہ پر جو حروفِ مقطعات مثلاً ش ک ف

ق اور ش، م، ص، م وغیرہ درج ہیں انہیں زبانی طور پر پڑھنے کی ضرورت نہیں ہے۔ ۔ بعض دُعاؤں میں محلِ اجابت، محلِ محبت، مقہوری اعداء اور دفع شر کے لیے اشارات ہیں۔ دُعا پڑھنے والا ترجمہ سے دُعا کا مفہوم معلوم کر کے اپنے دل میں اپنے مطلب اور مُراد کی طرف خیال کر لیا کرے۔ (مخزن اسرار)

دُعاءِ سیفی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ اللّٰہُ الْمَلِکُ الْحَقُّ الَّذِیْ لَآ

اے اللہ! تو بادشاہ ہے سچی ہے وہ بادشاہ کہ کوئی

اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ ن ق اَنْتَ رَبِّیْ ۚ وَاَنَا عَبْدُکَ

عبادت کے لائق نہیں مگر تو ن ق تو میرا رب ہے اور میں تیرا بندہ ہوں

عَمِلْتُ سُوْٓءً وَّظَلَمْتُ نَفْسِیْ ۚ وَاعْتَرَفْتُ

میں نے بُرا کام کیا اور اپنے نفس پر ظلم کیا میں اپنے گناہوں کا

بِذَنْبِیْ ۚ فَاغْفِرْ لِیْ ذُنُوْبِیْ جَمِیْعًا کُلَّھَا

اقرار کرتا ہوں میرے گناہ بخش دے تمام کے تمام

فَاِنَّہٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ یَا اَللّٰہُ ط

کیونکہ نہیں بخش سکتا گناہ مگر تو ہی اے اللہ

يَا رَحْمٰنُ ط يَا رَحِيْمُ ط يَا رَبُّ ط يَا غَفُوْرُ ط

اے رحمٰن اے رحیم اے رب اے غفور

يَا شَكُوْرُ ط يَا حَلِيْمُ ط يَا كَرِيْمُ ط يَا حَكِيْمُ ط

اے شکور اے حلیم اے کریم اے حکیم

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَحْمَدُكَ وَاَنْتَ لِلْحَمْدِ اَهْلٌ

اے اللہ! میں تیری حمد کرتا ہوں اور تو حمد کے لائق ہے جیسا کہ

عَلٰى مَا خَصَّصْتَنِيْ بِهٖ مِنْ مَّوَاهِبِ

تو نے مجھے خاص کیا ساتھ (عمدہ) نعمتوں کے عطیات

الرَّغَائِبِ وَاَوْصَلْتَ اِلَيَّ مِنْ فَضَائِلِ

سے اور تو نے پہنچائے میری طرف قدرتوں کے فضائل اور

الصَّنَائِعِ وَاَوْلَيْتَنِيْ بِهٖ مِنْ اِحْسَانِكَ

تو نے مجھے عطا کیا ساتھ اس کے احسان سے

وَبَوَّاْتَنِيْ بِهٖ مِنْ مَّظَنَّةِ الصِّدْقِ وَ

اور تو نے مجھے تیار کیا سچائی کے یقین سے اور

اَنَلْتَنِيْ بِهٖ مِنْ مِّنَنِكَ الْوَاصِلَةِ اِلَيَّ

تو نے مجھے دیئے اپنے احسانوں سے جو پہنچنے والے ہیں میری طرف

وَاَحْسَنْتَ اِلَيَّ مِنْ اِنْدِفَاعِ الْبَلِيَّةِ

اور تو نے احسان کیا میری طرف بلا کے دفع کرنے کا

عَنِّیْ وَالتَّوْفِیْقَ لِیْ وَالْاِجَابَةَ لِدُعَائِیْ

میری جانب سے اور توفیق دی واسطے میرے اور قبولیت دی واسطے میری دعا کے

حِیْنَ اُنَادِیْكَ دَاعِیًا وَّاُنَاجِیْكَ رَاغِبًا

جبکہ میں تجھ کو پکاروں دعا کرنے والا اور تیرے ساتھ سرگوشی کروں رغبت کرنے والا

وَّاَدْعُوْكَ ضَارِعًا مُّضَارِعًا مُّصَافِیًا وَّ

اور تجھ سے میں دعا کروں عاجزی کرنے والا اور دل کو صاف کرنے والا اور

حِیْنَ اَرْجُوْكَ رَاجِیًا فَاَجِدُكَ فِی الْمَوَاطِنِ

تجھ سے میں امید کرتا ہوں پس میں تجھ کو پاتا ہوں تمام جگہوں میں

كُلِّهَا لِیْ جَارًا حَاضِرًا حَافِظًا حَفِیًّا بَارًّا

میرے لیے حفاظت کرنے والا حاضر نگہبان مہربان احسان کرنے والا

رَءُوْفًا وَّفِی الْاُمُوْرِ كُلِّهَا لِیْ نَاصِرًا وَّنَاظِرًا

رحم کرنے والا اور تمام کاموں میں میرے لیے امداد کرنے والا اور نظر کرنے والا

وَّلِلْخَطَایَا وَالذُّنُوْبِ غَافِرًا وَّلِلْعُیُوْبِ

اور واسطے گناہوں اور خطاؤں کے بخشنے والا اور واسطے عیبوں کے پردہ پوشی

سَاتِرًا ط لَمْ اَعْدَمْ مِنِّیْ عَوْنُكَ وَبِرُّكَ

کرنے والا نہیں دور ہوئی مجھ سے تیری امداد تیرا احسان

وَخَیْرُكَ لِیْ وَاِحْسَانُكَ عَنِّیْ طَرْفَةَ

تیری خیر اور تیرا احسان آنکھ کے جھپکنے تک

عَيْنِ مُنْذُ اَنْزَلْتَنِيْ دَارَ الْاِخْتِيَارِ وَ

ہی جبکہ تو نے مجھے اتارا اختیار کے گھر میں اور

الْفِكْرِ وَالْاِعْتِبَارِ وَلْتَنْظُرْ اِلٰى فِيْمَا اُقْدِمُ

فکر اور عبرت حاصل کرنے کے گھر میں تاکہ تو میری طرف نظر کرے اس چیز میں جو میں آگے

اِلَيْكَ لِدَارِ الْقَرَارِ فَاَنَا عَتِيْقُكَ يَا مَوْلَايَ

بھیج رہا ہوں تیری طرف دار القرار کی طرف میں تیرا آزاد کیا ہوا ہوں اے میرے مولا

مِنْ جَمِيْعِ الْمَضَارِّ وَالْمَضَالِّ وَالْمَصَائِبِ

تمام تکالیف سے گمراہیوں سے اور مصیبتوں سے

وَالْمَعَائِبِ وَالنَّوَازِبِ وَالنَّوَازِلِ وَالنَّوَائِبِ

اور عیبوں سے اور الزامات سے اور حوادث سے اور بلیات سے

وَالشَّدَائِدِ وَالْهُمُوْمِ الَّتِيْ قَدْ سَاوَرَتْنِيْ

اور غموں سے اور وہ غم جو مجھ پر غالب ہو گئے ہیں

فِيْهَا الْهُمُوْمُ بِمَعَارِيْضِ اَصْنَافِ الْبَلَاءِ

اس دنیا میں برجہ آنے مختلف بلاؤں کے اور برجہ

وَضُرُوْبِ جُهْدِ الْقَضَاءِ وَشَمَاتَةِ الْاَعْدَاءِ

وارد ہونے غالب تقدیر کے اور برجہ شرارت دشمنوں کے

لَا اَذْكُرُ مِنْكَ اِلَّا الْجَمِيْلَ وَلَمْ اَرَ مِنْكَ

میں نہیں یاد کرتا تجھ سے مگر اچھی بات اور نہیں دیکھتا میں تجھ سے

اِلَّا التَّفْضِيْلَ خَيْرُكَ لِيْ شَامِلٌ وَّصُنْعُكَ

مگر فضیلت تیری بھلائی میرے لیے شامل ہے اور تیری مہربانی

لِيْ كَامِلٌ وَّلُطْفُكَ لِيْ كَافِلٌ وَّفَضْلُكَ

میرے لیے کامل ہے اور تیرا لطف میرے لیے کفیل ہے اور تیرا فضل میرے

عَلَيَّ مُتَوَاتِرٌ وَّنِعَمُكَ عِنْدِيْ مُتَّصِلَةٌ وَّ

اوپر متواتر ہے اور تیری نعمت میرے پاس متصل ہے اور

اَيَادِيْكَ لَدَيَّ مُتَكَاثِرَةٌ لَّمْ تُخْفِرْ جِوَارِيْ

تیری مہربانیاں میرے پاس کثیر ہیں تو نے نہیں کمی کی میری پناہ میں

وَصَدَقْتَ رَجَآئِيْ وَصَاحَبْتَ اَسْفَارِيْ

اور تو نے سچا کر دیا میری امید کو اور تو دوست رہا ہے میرے سفروں میں

وَاَكْرَمْتَ اَحْضَارِيْ وَاَشْفَيْتَ اَمْرَاضِيْ

تو نے عزت کی میری اقامتوں میں اور تو نے شفا دی میری بیماریوں میں

وَعَافَيْتَ اَعْضَآئِيْ وَاَحْسَنْتَ مُنْقَلَبِيْ

اور تو نے عافیت دی میرے اعضاء کو اور تو نے احسان کیا میرے جانے پر

وَمَثْوَايَ وَلَمْ تَشْمِتْ بِيْ اَعْدَآئِيْ وَ

اور آنے پر اور تو نے مجھے رسوا نہیں کیا میرے دشمنوں کے مقابلے میں اور

رَمَيْتَ مَنْ رَّمَانِيْ بِسُوْٓءٍ وَّكَفَيْتَنِيْ شَرَّ

تو نے دور پھینک دیا ان لوگوں کو جو مجھے برائی کے ساتھ پھینکنا چاہتے تھے اور تو میرے

مَنْ عَادَانِیْ فَحَمْدِیْ لَكَ وَاصِبٌ

کافی ہے ان لوگوں کے شر سے جو مجھ سے عداوت کرتے

وَّاصِلٌ وَّثَنَآئِیْ عَلَیْكَ مُتَوَاتِرٌ دَآئِمٌ

ہیں پس میرا حمد کرنا تیرے لیے ہمیشہ ہے متصل

مِّنَ الدَّهْرِ اِلَی الدَّهْرِ بِاَلْوَانِ التَّسْبِیْحِ

ہے اور میرا ثنا کرنا تجھ پر متواتر ہے دائم ہے ایک زمانے سے دوسرے زمانے تک طرح طرح کی تسبیحوں

وَاَنْوَاعِ التَّقْدِیْسِ لَكَ خَالِصًا لِّذِكْرِكَ

اور قسم قسم کی پاکیوں کے ساتھ خاص طور پر تیری یاد کرنے کے لیے

وَمَرْضِیًّا لَّكَ بِنَاصِعِ التَّوْحِیْدِ وَالتَّحْمِیْدِ

جس سے تیری رضا حاصل ہو اور تیری خالص توحید اور تحمید

وَاِخْلَاصِ التَّفْرِیْدِ وَاِمْحَاضِ الْقُرْبِ وَ

اور محض تفرید اور قرب اور بزرگی

التَّمْجِیْدِ بِطُوْلِ التَّعَبُّدِ وَالتَّعْدِیْدِ لَمْ

کا اظہار ہو تیری کمال عبودیت اور اطاعت کے سور پر تجھے اپنی

تُعَنْ فِیْ قُدْرَتِكَ وَلَمْ تُشَارَكْ فِیْ

قدرت میں کسی مدد کی ضرورت نہیں اور نہ کوئی تیری خدائی میں

اِلٰهِیَّتِكَ وَلَمْ تُعْلَمْ لَكَ مَآئِیَّةٌ وَّلَا

شریک ہوا ہے اور نہ تیری مائیت اور ماہیت جان

مَاهِيَّةٌ فَتَكُوْنَ لِلْاَشْيَآءِ الْمُخْتَلِفَةِ

سکا ہے کہ تو (معاذ اللہ) مختلف اشیاء کے ہم جنس ہو

مُجَانِسًا وَّلَمْ تُعَايَنْ اِذْ حُبِسَتِ الْاَشْيَآءُ

اور کوئی نہیں دیکھتا تھا جب کہ اشیاء نے تیرے ارادے کے

عَلَى الْعَزَآئِمِ الْمُخْتَلِفَاتِ وَلَا خَرَقَتِ

مطابق اختلاف پکڑا اور نہ کسی کا وہم اور

الْاَوْهَامُ حُجُبَ الْغُيُوْبِ اِلَيْكَ فَاعْتَقِدَ

فہم تیرے غیب کے حجابوں کو پھاڑ سکا ہے پس میں تیری عظمت میں

مِنْكَ مَحْدُوْدًا فِيْ عَظَمَتِكَ لَا يَبْلُغُكَ

سے ایک محدود چیز کا اعتقاد کر سکا ہوں بہت دور کی ہمتیں

بُعْدَ الْهِمَمِ وَلَا يَنَالُكَ غَوْصُ الْفِطَنِ

تیری بلندی کو نہیں سمجھ سکی ہیں اور نہ دانائی کے گہرے غوطے تجھے پا سکے ہیں

وَلَا يَنْتَهِيْ اِلَيْكَ نَظَرُ النَّاظِرِيْنَ فِيْ مَجْدِ

دیکھنے والوں کی نظریں تیرے جبروت کی بزرگی تک نہیں

جَبَرُوْتِكَ اِرْتَفَعَتْ عَنْ صِفَةِ الْمَخْلُوْقِيْنَ

پہنچ سکی ہیں تیری ذات اور قدرت کی صفات مخلوق کی صفتوں

صِفَاتُ ذَاتِكَ وَقُدْرَتِكَ وَعَلَا عَنْ

سے بالاتر ہیں اور یاد کرنے والوں کی

ذِكْرِ اللّٰهِ اَكْبَرِيْنَ كِبْرِيَاءُ عَظْمَتِكَ فَلَا

بار سے تیری عظمت اور بڑائی بلند ہے پس جس چیز

يَنْتَقِصُ مَا اَرَدْتَّ اَنْ يَّزْدَادَ وَلَا يَزْدَادُ

کو تو زیادہ کرنا چاہے کوئی کم نہیں کر سکتا اور نہ اس چیز کو کوئی

مَا اَرَدْتَّ اَنْ يَّنْتَقِصَ ج وَلَا اِنْدَّ شَهِدَكَ

زیادہ کر سکتا ہے جسے تو کم کرنا چاہے۔ جس وقت تو مخلوق کو پیدا کرنے

حِيْنَ فَطَرْتَ الْخَلْقَ وَلَا نِدَّ حَضَرَكَ حِيْنَ

لگا تو کوئی مخالف ضد تیرے سامنے نہ آئی اور جس وقت تو نفوس کو از سر نو

بَرَاتَ النُّفُوْسَ ج كَلَّتِ الْاَلْسُنُ عَنْ تَفْسِيْرِ

بنا رہا تھا تو کوئی شریک تیرا مزاحم نہ بنا تیری صفتوں کے

صِفَتِكَ ج وَاَحْسَرَتِ الْعُقُوْلُ عَنْ كُنْهِ

بیان سے زبانیں عاجز ہیں اور تیری معرفت کے ادراک میں عقلیں

مَعْرِفَتِكَ ج وَكَيْفَ يُوْصَفُ عَنْ كُنْهِ

دنگ ہیں پس رب تیری صفتوں کی حقیقت کیونکر سمجھ جا

صِفَتِكَ ج يَا رَبِّ ج وَاَنْتَ اللّٰهُ الْمَلِكُ الْجَبَّارُ

سکے جبکہ تو اللہ تو ایسا بڑا جبار بادشاہ

الْقُدُّوْسُ الَّذِيْ لَمْ تَزَلْ وَلَا تَزَالُ اَزَلِيًّا

ہے کہ تیری بادشاہی کبھی زوال پذیر نہ ہوئی اور

اَبَدِيًّا سَرْمَدِيًّا دَآئِمًا فِيْ حُجُبِ الْغُيُوْبِ

تو اپنے غیب کے حجابوں میں ہمیشہ ازلی ابدی

وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ ۚ لَيْسَ فِيْهَا اَحَدٌ

سرمدی اور واحد لا شریک ہے اور تیرے سوا کائنات میں کوئی

غَيْرُكَ ۚ وَلَمْ يَكُنْ لَّهَآ اِلٰهٌ سِوَاكَ ۚ حَارَتْ

معبود نہیں ہے اور نہ تیرے بغیر کوئی معبود رہے گا تیرے

فِيْ بِحَارِ مَلَكُوْتِكَ عَمِيْقَاتُ مَذَاهِبِ

ملکوت کے سمندروں میں گہری فکر کی چالیں حیران

التَّفْكِيْرِ ۚ وَتَوَاضَعَتِ الْمُلُوْكُ لِهَيْبَتِكَ

ہیں بادشاہوں کے سر تیری ہیبت سے نیچے ہیں اور تیرے

وَعَنَتِ الْوُجُوْهُ بِذِلَّةِ الْاِسْتِكَانَةِ لِعِزَّتِكَ ۚ

غلبے اور دہشت کے سامنے تمام چہرے پژمردہ ہیں

وَاَنْقَادَ كُلُّ شَيْءٍ لِّعَظَمَتِكَ ۚ وَاسْتَسْلَمَ

اور ہر شے تیری عظمت اور عزت کی منقاد اور مطیع ہے اور ہر چیز

كُلُّ شَيْءٍ لِّقُدْرَتِكَ ۚ وَخَضَعَتْ لَكَ

تیری قدرت اور حکمت کے تابع اور فرماں بردار ہے سب گردنیں تیرے آگے

الرِّقَابُ وَكَلَّ دُوْنَ ذٰلِكَ تَحْبِيْرُ اللُّغَاتِ

جھکی ہوئی ہیں عالموں کا ناطقہ تیرے آگے بند ہے۔

وَضَلَّ هُنَالِكَ التَّدْبِيْرُ فِيْ تَصَارِيْفِ

اور تیری صفات کے تصرف میں تدبیریں گم ہیں

الصِّفَاتِ فَمَنْ تَفَكَّرَ فِيْ ذٰلِكَ رَجَعَ طَرْفُهٗ

پس جس کسی نے اس میں فکر دوڑایا اس کی آنکھ اس

اِلَيْهِ حَسِيْرًا وَّعَقْلُهٗ مَبْهُوْتًا وَّتَفَكُّرُهٗ

کی طرف تھکی ہوئی اور اس کا عقل اس کی طرف پریشان اور اس کا فکر

مُتَحَيِّرًا اَسِيْرًا ۝ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا

اس کی طرف حیرت زدہ ہو کر پلٹا۔ اے اللہ تیرے ہی لیے ہے سب تعریف اور

كَثِيْرًا دَائِمًا مُّتَوَالِيًا مُّتَوَاتِرًا مُّتَقَارِبًا

حمد بسیار و بے شمار، ہمیشہ رہنے والی جاری، متواتر، قریب

مُّتَّسِعًا مُّسْتَوْثِقًا يَّدُوْمُ وَلَا يَبِيْدُ غَيْرَ

متصل وسیع اور معتبر جو ہمیشہ رہنے والی ہو

مَفْقُوْدٍ فِي الْمَلَكُوْتِ وَلَا مَطْمُوْسٍ فِي

اور کبھی ختم ہونے میں نہ آئے اور جو نہ عالم ملکوت میں گم ہو اور نہ عالم ناسوت

الْمَعَالِمِ وَلَا مُنْتَقِصٍ فِي الْعِرْفَانِ ۝ اَللّٰهُمَّ

میں مٹنے والی ہو اور نہ عالم معرفت میں نقص پذیر ہو اے اللہ

فَلَكَ الْحَمْدُ عَلٰى مَكَارِمِكَ الَّتِيْ لَا

تیرے لیے ہے حمد ان تمام بخششوں کے سبب جن کا ہم سے شمار نہیں

تُحْصٰى فِي الَّيْلِ اِذَآ اَدْبَرَ ۚ وَالصُّبْحِ اِذَآ

ہو سکتا نہ رات کو جب وہ (راحت اور سکون لے کر) لوٹتی ہے اور نہ دن کو جب کہ وہ اپنے

اَسْفَرَ ۚ وَفِي الْبَرِّ وَالْبِحَارِ وَالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ

نظاروں اور رنگینیوں سے چمکتا ہے اور جو ہمیں حاصل ہیں خشکی اور تری میں اور

وَالْعَشِيِّ وَالْاِبْكَارِ وَالظَّهِيْرَةِ وَالْاَسْحَارِ

صبح اور شام اور سوتے اور جاگتے وقت

وَفِيْ كُلِّ جُزْءٍ مِّنْ اَجْزَآءِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ ؕ

اور پچھلے پہر اور دوپہر کو رات اور دن کے ہر حصے میں

اَللّٰهُمَّ بِتَوْفِيْقِكَ قَدْ اَحْضَرْتَنِي النَّجَاةَ وَ

(ہمیں مل رہے ہیں) اے اللہ یہ سب کچھ تیری ہی توفیق سے ہے کہ تجھ سے مجھے نجات

جَعَلْتَنِيْ مِنْكَ فِيْ وَلَايَةِ الْعِصْمَةِ فَلَمْ

پہنچی ہے اور تو نے مجھ اپنی عصمت اور پاکدامنی کی ولایت میں محفوظ کر دیا ہے

اَبْرَحْ مِنْكَ فِيْ سُبُوْغِ نَعْمَآئِكَ وَتَتَابُعِ

اور ہمیشہ مجھ پر تیری رحمتوں کا نزول ہوتا رہا ہے اور میں تیری متواتر نعمتوں

اٰلَآئِكَ مَحْرُوْسًا لَّكَ فِي الرَّدِّ وَالْاِمْتِنَاعِ

میں ہر قسم کے رد اور امتناع سے محفوظ رہا ہوں اور تو نے

وَمَحْفُوْظًا لَّكَ فِي الْمَنْعَةِ وَالدِّفَاعِ عَنِّيْ

مجھے اپنی طاقت سے بڑھ کر تکلیف نہیں دی ہے

وَلَا تُكَلِّفْنِي فَوْقَ طَاقَتِي وَلَا تَرْضَ

اور تو مجھ سے میری ہر طاعت میں راضی

عَنِّي إِلَّا بِطَاعَتِي فَإِنَّكَ أَنْتَ اللّٰهُ الَّذِي

رہا ہے پس اے اللہ تو وہ معبود برحق ہے کہ

لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ لَمْ تَغِبْ وَلَا تَغِيبُ عَنْكَ

تیرے سوا کوئی معبود اور نہیں ہے تو نہ کبھی غائب ہوتا ہے

غَائِبَةٌ وَلَا تَخْفٰى عَلَيْكَ خَافِيَةٌ وَلَنْ

اور نہ کوئی چیز تجھ سے غائب ہوتی ہے۔ اور نہ تجھ سے کوئی چیز مخفی ہے

تَضِلَّ عَنْكَ فِي ظُلَمِ الْخَفِيَّاتِ ضَالَّةٌ

اور نہ پوشیدہ۔ اندھیروں میں تجھ سے کوئی چیز دور اور گم ہونے والی ہے۔ پس جس

إِنَّمَا أَمْرُكَ إِذَا أَرَدْتَ شَيْئًا أَنْ تَقُولَ

وقت تو ارادہ کرے کسی چیز کا کہ ہو جائے پس وہ ہو

لَهُ كُنْ فَيَكُونُ ○ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَحْمَدُكَ

جاتی ہے اے اللہ میں تیری حمد کرتا ہوں جس طرح

فَلَكَ الْحَمْدُ مِثْلَ مَا حَمِدْتَ بِهِ

تو نے اپنی حمد فرمائی اور کئی گنا

نَفْسَكَ وَأَضْعَافَ مَا حَمِدَكَ بِهِ الْحَامِدُونَ

اس حمد کے جو تمام حمد کرنے والوں نے تیری حمد کی ہے

وَمَجَّدَكَ بِهِ الْمُمَجِّدُوْنَ ۚ وَوَحَّدَكَ بِهِ

تمجید بیان کی ہے ترجمہ

الْمُوَحِّدُوْنَ ۚ وَكَبَّرَكَ بِهِ الْمُكَبِّرُوْنَ ۚ وَ

تکبیر تہلیل

هَلَّلَكَ بِهِ الْمُهَلِّلُوْنَ ۚ وَعَظَّمَكَ بِهِ

تعظیم تسبیح

الْمُعَظِّمُوْنَ وَسَبَّحَكَ بِهِ الْمُسَبِّحُوْنَ ۚ

تقدیس بیان کی ہے

وَقَدَّسَكَ بِهِ الْمُقَدِّسُوْنَ ۚ حَتّٰى يَكُوْنَ

یہاں تک کہ ہر جائے میری

حَمْدِيْ لَكَ مِنِّيْ وَحْدِيْ فِيْ كُلِّ

حمد تیرے لیے بے شک ہر آن میں یا کہ اس

طَرْفَةِ عَيْنٍ اَوْ اَقَلَّ مِنْ ذٰلِكَ مِثْلَ

سے مثل حمد تمام حمد کرنے

حَمْدِ جَمِيْعِ الْحَامِدِيْنَ وَتَوْحِيْدِ اَصْنَافِ

والوں کے اور مثل تمام طرح طرح کے توحید

الْمُوَحِّدِيْنَ وَالْمُخْلِصِيْنَ ۚ وَتَقْدِيْسِ

اور اخلاص بیان کرنے والوں کے اور تقدیس عارفوں

اَجْنَاسِ الْعَارِفِيْنَ وَثَنَاءِ جَمِيْعِ الْمُهَلِّلِيْنَ

کے تمام تہلیل بیان کرنے والوں کے اور تمام تہلیل

وَالْمُصَلِّيْنَ وَالْمُسَبِّحِيْنَ ۚ وَمِثْلُ مَا اَنْتَ

اور صلوات اور تسبیح بیان کرنے والوں کے در آں حالیکہ

بِهٖ رَبٌّ عَالِمٌ عَارِفٌ وَّهُوَ مَحْمُوْدٌ وَّمَحْبُوْبٌ

تو ان کا رب ان کے حال پر عالم اور عارف ہے اور وہ تمام

وَّمَحْجُوْبٌ مِّنْ جَمِيْعِ خَلْقِكَ كُلِّهِمْ مِّنَ

مخلوقات از قسم حیوانات و انسان و

الْحَيَوَانَاتِ وَالْجَمَادَاتِ وَالْبَرَايَا وَالْاَنَامِ

جنات و نباتات میں سے محمود و محبوب اور محجوب ہے۔

وَاَرْغَبُ اِلَيْكَ فِيْ بَرَكَةِ مَا اَنْطَقْتَنِيْ بِهٖ

اور میں اے اللہ تیری طرف متوجہ ہوتا ہوں اس برکت سے جو تو نے اپنی حمد پر

مِنْ حَمْدِكَ ۚ فَمَا اَيْسَرَ مَا كَلَّفْتَنِيْ بِهٖ مِنْ

مجھے ناطق و گویا فرمایا ہے اور کیا ہی آسان ہے وہ چیز جس کی تو نے مجھے تکلیف

حَقِّكَ ۚ وَاَعْظَمَ مَا وَعَدْتَنِيْ بِهٖ عَلٰى

دی ہے ادائیگی حق میں اور کس قدر بڑی ہے وہ چیز جس کا تو نے مجھے وعدہ کیا ہے

شُكْرِكَ ۚ اِبْتَدَاْتَنِيْ بِالنِّعَمِ فَضْلًا وَّطَوْلًا

اپنے شکر کا تو نے میری ابتدا کی ہے نعمتوں کے ساتھ اپنے فضل سے اور فراخی سے

وَاَمَرْتَنِیْ بِالشُّکْرِ حَقًّا وَّعَدْلًا وَّوَعَدْتَّنِیْ

اور تو نے مجھے حکم دیا ہے شکر کرنے کا حق اور عدل سے اور تو نے مجھ سے وعدہ کیا

عَلَیْہِ اَضْعَافًا مُّضَاعَفَۃً وَّمَزِیْدًا وَّ

ہے اوپر شکر کے دگنی جزا اور زیادہ نعمت کا اور تو نے

اَعْطَیْتَنِیْ بِہٖ مِنْ رِّزْقِکَ وَاسِعًا کَثِیْرًا

مجھے دیا ہے اپنے رزق سے بہت وسیع کثیر اور

وَّکَبِیْرًا وَّاعْتِبَارًا وَّاخْتِیَارًا وَّرِضًا وَّسَاَلْتَنِیْ

بڑا ہے از روئے اعتبار و اختیار و رضامندی کے اور اس کے عوض

مِنْہُ شُکْرًا یَسِیْرًا صَغِیْرًا اِذْ نَجَّیْتَنِیْ وَ

تو نے مجھ سے طلب کیا ہے شکر بہت بڑا اور چھوٹا اور تو نے مجھے نجات دی ہے

عَافَیْتَنِیْ بِہٖ مِنْ جُھْدِ الْبَلَآءِ وَسُوْٓءِ

اور عافیت عطا کی ہے بڑی بلاء اور بری تقدیر

الْقَضَآءِ وَلَمْ تُسَلِّمْنِیْ بِسُوْٓءِ قَضَآئِکَ وَ

سے اور تو نے مجھے نہیں حوالے کیا بری قضاء اور بلاء

بَلَآئِکَ وَجَعَلْتَ مَلْبَسِیَ الْعَافِیَۃَ وَ

کی طرف اور تو نے مجھے عافیت کا لباس پہنایا اور تو نے

تَوَلَّیْتَنِیْ بِالْبَسْطَۃِ وَاَوْلَیْتَنِیَ الْبَسْطَۃَ

دی مجھے فراخی اور احسان کیا تو نے مجھ پر

وَالرَّخَآءَ وَاَكْرَمْتَنِيْ بِالْاٰلَآءِ وَالنَّعْمَآءِ وَ

وسعت کا اور تو نے اکرام کیا مجھ پر اپنی نعمتوں کا اور

شَرَعْتَ لِيْ مِنَ الدِّيْنِ اَيْسَرَ الْقَوْلِ وَ

تو نے بنایا ہے میرے لیے جو از روئے قول اور فعل

الْفِعْلِ وَالْعَمَلِ وَسَوَّغْتَ لِيْ اَيْسَرَ

کے آسان ہے اور تو نے میرے لیے فراخ کیا آسان ارادے

الْقَصْدِ وَضَاعَفْتَ لِيْ اَشْرَفَ الْفَضْلِ

کو اور تو نے میرے لیے دگنا کیا فضل شرافت کو

وَالْمَزِيْدِ مَعَ مَا وَعَدْتَنِيْ مِنَ الْمَحَجَّةِ

اور زیادتی اس نعمت کی جو وعدہ کیا ہے تو نے میرے ساتھ دلیل اور حجت کے

الشَّرِيْفَةِ ۚ وَبَشَّرْتَنِيْ بِهٖ مِنَ الدَّرَجَةِ

جو بزرگ ہے اور تو نے مجھے خوشخبری دی ہے بلند درجے کی اور

الرَّفِيْعَةِ ۚ وَاصْطَفَيْتَنِيْ بِنَبِيِّكَ اَعْظَمِ

تو نے مجھ کو اپنے نبی کے ذریعے برگزیدہ کیا ہے جو

الشَّانِ وَجَعَلْتَهٗ اَعْظَمَ النَّبِيِّيْنَ دَعْوَةً ۚ

بلند شان والا ہے اور تو نے اس نبی کو کیا بہت بڑا تمام نبیوں میں سے تبلیغ کے

وَاَرْفَعَهُمْ دَرَجَةً وَاَفْضَلَهُمْ لَنَا شَفَاعَةً ۚ

وسے اور بہت بڑے درجے کے لحاظ سے اور افضل شفاعت کے باعث

وَاَقْرَبَهُمْ مَّنْزِلَةً ۚ وَاَوْضَحَهُمْ حُجَّةً

اور بہت اللہ تعالیٰ کے قریب منزل والے اور واضح دلیل والے یعنی

مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلٰى

محمد اللہ تعالیٰ کا درود ہو اُن پر اور جملہ

جَمِيْعِ الْاَنْبِيَآءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ ○ اَللّٰهُمَّ

انبیاء اور مرسلین پر اے اللہ

اغْفِرْ لِيْ مَا يَسَعُهٗٓ اِلَّا مَغْفِرَتُكَ وَلَا

مجھے بخش دے وہ خطا جسے نہیں پہنچ سکتی مگر بخشش تیری اور نہیں

يَمْحَقُهٗٓ اِلَّا عَفْوُكَ وَلَا يُكَفِّرُهٗٓ اِلَّا تَجَاوُزُكَ

اسے مٹا سکتی مگر تیری عفو اور جس کا کفارہ نہیں ہو سکتا سوائے تیرے

وَفَضْلُكَ وَهَبْ لِيْ فِيْ يَوْمِيْ هٰذَا وَ

درگزر اور فضل کے اور عطا کر مجھے آج دن اور آج کی

لَيْلَتِيْ هٰذِهٖ وَشَهْرِيْ هٰذَا وَسَنَتِيْ

رات اور اسی موجودہ مہینے اور سال کے اندر یقین

هٰذِهٖ يَقِيْنًا صَادِقًا يُّهَوِّنُ بِهٖ عَلَيَّ

صادق ایسا جو آسان کرے مجھ پر دنیا اور

مَصَآئِبَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَاَحْزَانَهُمَا ۚ

آخرت کی مصیبتوں کو اور دارین کے غم

وَيُشَوِّقُنِيْ اِلَيْكَ وَيُرَغِّبُنِيْ فِيْمَا عِنْدَكَ

اور وہ یقین جو مجھے تیرا شائق اور مشتاق بنا دے اور جو کچھ تیرے

الْمَغْفِرَةَ وَبَلِّغْنِي الْكَرَامَةَ مِنْ عِنْدِكَ

نوازشوں میں سے ان کی طرف پھیل اور

وَاَوْزِعْنِيْ شُكْرَ مَا اَنْعَمْتَ بِهٖ عَلَيَّ وَ

راغب کردے اور مجھے اس میرے حق میں مغفرت کر اور اپنی طرف سے مجھے کرامت عطا کر اور

اَرْزُقْنِيْ وَانْصُرْنِيْ عَلَى الْاَعْدَاءِ فَاِنَّكَ

اپنی نعمتوں کے شکریے کی توفیق مرحمت فرما اور مجھے رزق دے اور مجھے دشمنوں پر فتح نصیب کر کیونکہ تو ہی

اَنْتَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ الْوَاحِدُ

وہ اللہ ہے کہ نہیں ہے تیرے بغیر کوئی اور تو ہے واحد احد پیدا

الْاَحَدُ الْمُبْدِئُ الرَّفِيْعُ الْبَدِيْعُ السَّمِيْعُ

کرنے والا بلند عجیب سننے والا اور جاننے

الْعَلِيْمُ الَّذِيْ لَيْسَ لِاَمْرِكَ مُدْفَعٌ وَّلَا

والا وہ ذات کہ جس کے حکم کو روکنے والا کوئی نہیں ہے اور نہ

عَنْ قَضَائِكَ مُمْتَنِعٌ وَاَشْهَدُ اَنَّكَ

تیری قضا کو منع کرنے والا ہے اور میں گواہی دیتا ہوں کہ تو

اَنْتَ رَبِّيْ وَرَبُّ كُلِّ شَيْءٍ فَاطِرُ السَّمٰوٰتِ

میرا رب ہے اور رب ہے ہر چیز کا پیدا کرنے والا آسمانوں

وَالْاَرْضِ عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْعَلِيِّ

اور زمینوں کا جاننے والا غیب اور شہادت کا تو بلند

الْكَبِيْرِ الْمُتَعَالِ ○ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ

بڑا اور برتر ذات والا ہے اے اللہ میں تجھ سے تیرے امر پر

الثَّبَاتَ فِي الْاَمْرِ وَالْعَزِيْمَةَ عَلَى الرُّشْدِ

ثابت قدمی کا سوال کرتا ہوں اور ہدایت پر مضبوط رہنے کا

وَالشُّكْرَ عَلٰى نِعْمَتِكَ وَحُسْنَ عِبَادَتِكَ

اور تیری نعمتوں پر شکر کا اور اچھی عبادت کا خواستگار ہوں

وَاَسْئَلُكَ مِنْ كُلِّ خَيْرٍ تَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ

اور تجھ سے ہر طرح کی خیر کا سائل ہوں جسے تو جانتا ہے اور جسے میں نہیں جانتا

وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ كُلِّ شَرٍّ مَّا تَعْلَمُ وَ

اور پناہ مانگتا ہوں ہر اس شر سے جسے تو جانتا ہے اور بخشش کا خواستگار

اَسْتَغْفِرُكَ لِمَا تَعْلَمُ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ

ہوں تجھ سے ہر اس گناہ سے جسے تو جانتا ہے تحقیق تو ہی غیب کے جاننے

الْغُيُوْبِ ○ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ جَوْرِ كُلِّ

والا ہے۔ اور تیرے ساتھ پناہ مانگتا ہوں ہر ظالم کے ظلم

جَائِرٍ وَبَغْيِ كُلِّ بَاغٍ وَحَسَدِ كُلِّ

سے اور باغی اور سرکش کی سرکشی سے اور ہر حاسد کے

حَاسِدٍ وَمَكْرِ كُلِّ مَاكِرٍ وَغَدْرِ كُلِّ

حسد سے اور ہر مکار کے مکر سے اور ہر دھوکے باز کے

غَادِرٍ وَكَيْدِ كُلِّ كَائِدٍ وَظُلْمِ كُلِّ ظَالِمٍ

دھوکے سے اور فریبی کے فریب سے اور ہر ظالم کے ظلم سے

وَكِذْبِ كُلِّ كَاذِبٍ وَسِحْرِ كُلِّ سَاحِرٍ وَ

اور ہر جھوٹے کے جھوٹ سے اور ہر جادوگر کے جادو سے اور

شَمَاتَةِ كُلِّ شَامِتٍ وَكَشْحِ كُلِّ كَاشِحٍ

میرے نقصان پر خوش ہونے والے کی خوشی سے اور ہر کینہ ور کے کینے سے

بِكَ أَصُولُ عَلَى الْأَعْدَاءِ وَإِيَّاكَ أَرْجُوا

تیری مدد پر میں اپنے دشمنوں پر حملہ کرتا ہوں اور تیرے فضل اپنے

وَلَايَةَ الْأَحِبَّاءِ وَالْأَوْلِيَاءِ وَالْقُرَنَاءِ وَ

دوستوں، ساتھیوں، نزدیکوں اور خویشوں

الْقَرَابَاءِ فَلَكَ الْحَمْدُ عَلَى مَا لَا أَسْتَطِيعُ

کی محبت کی امید رکھتا ہوں پس تیرے ہی لیے حمد تعریف ہے ان نعمتوں پر جس کو میں

إِحْصَاءَهُ وَلَا تَعْدِيدَهُ مِنْ عَوَائِدِ

نہ شمار کر سکتا اور نہ گن سکتا ہوں تیرے بے درپے فضل سے

فَضْلِكَ وَعَوَارِفِ رِزْقِكَ وَأَلْوَانِ مَا

اور تیرے قسم قسم کے رزقوں کا اور رنگا رنگ کی وہ نعمتیں جو تو نے مجھے

اَوْلَيْتَنِيْ بِهٖ مِنْ اَرْفَادِكَ ۚ فَاِنَّكَ اَنْتَ

دے رکھی ہیں پس بے شک تو وہ اللہ ہے کہ

اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْفَاشِيْ فِي

نہیں ہے کوئی لائق عبادت کے تیرے بغیر تیری ذات مخلوق میں سے نمایاں

الْخَلْقِ حَمْدُكَ ۚ اَلْبَاسِطُ بِالْجُوْدِ يَدَكَ ۚ

ہے تیری حمد یہ ہے کہ تیری سخاوت کا ہاتھ کھلا ہوا ہے

لَا تُضَآدُّ فِيْ حُكْمِكَ وَلَا تُنَازَعُ فِيْ

نہیں پھیر سکتا تیرے حکم کو کوئی اور نہ تیری سلطنت میں تیرے ساتھ کوئی

سُلْطَانِكَ ۚ تَمْلِكُ مِنَ الْاَنَامِ مَا تَشَآءُ ۚ

جھگڑا کرنے والا ہے تو لوگوں اور ان کے مالوں کا مالک ہے جس طرح تو چاہے

وَلَا يَمْلِكُوْنَ مِنْكَ اِلَّا مَا تُرِيْدُ ○ اَللّٰهُمَّ

لیکن تجھ سے وہ کسی شے کے مالک نہیں ہو سکتے مگر جبکہ تیرا ارادہ ہو اے اللہ

اَنْتَ اللّٰهُ الْمُحْسِنُ الْمُنْعِمُ الْمُفْضِلُ

تو ہے اللہ تعالیٰ احسان کرنے والا انعام والا اور فضل کرنے والا

الْقَادِرُ الْقَاهِرُ الْمُقْتَدِرُ الْقَآئِمُ الْقُدُّوْسُ

قدرت والا غلبے والا اقتدار والا ہمیشہ رہنے والا پاک اور

الْمُقَدَّسُ فِيْ نُوْرِ الْقُدْسِ تَرَدَّيْتَ

مقدس ذات والا ہے اپنے نور پاک میں عزت اور

بِالْعِزِّ وَالْعُلَآءِ (ش ك ف ق) وَتَأَزَّرْتَ

بلندی کی چادر اوڑھے ہوئے ہے اور عظمت اور

بِالْعَظَمَةِ وَالْكِبْرِيَآءِ وَتَغَشَّيْتَ بِالنُّوْرِ

کبریائی کا تو آزار بند باندھے ہوئے ہے اور تو اپنے نور اور ضیا کے

وَالضِّيَآءِ ۚ وَتَجَلَّلْتَ بِالْمَهَابَةِ وَالْبَهَآءِ ۝ؕ

ساتھ ڈھکے ہوئے ہے اور تو اپنی ہیبت اور روشنی کے ساتھ جلوہ گر ہے۔

اَللّٰهُمَّ لَكَ الْمَنُّ الْقَدِيْمُ وَالْفَضْلُ

اے اللہ تو قدیم احسان والا ہے اور بڑے فضل

الْعَظِيْمُ وَالْعِزُّ الشَّامِخُ وَالْمُلْكُ الْبَاذِخُ

والا ہے اور بلند عزت والا ہے اور روشن ملک والا

وَالْجُوْدُ الْوَاسِعُ وَالْقُدْرَةُ الْكَامِلَةُ وَ

اور وسیع سخاوت والا اور کامل قدرت والا اور

الْحِكْمَةُ الْبَالِغَةُ فَلَكَ الْحَمْدُ عَلٰى مَا

بالغ حکمت والا ہے پس تیرے لیے حمد ہے کہ تو نے مجھے

جَعَلْتَنِيْ مِنْ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت میں شامل کیا

وَسَلَّمَ وَهُوَ اَفْضَلُ مِنْ بَنِيْٓ اٰدَمَ الَّذِيْنَ

ہے اور وہ تمام بنی آدم میں سے افضل ہے جن کو تو نے

كَرَّمْتَهُمْ وَحَمَلْتَهُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَ

عزت اور تکریم عطا کی اور اٹھایا انہیں تری اور خشکی میں اور

رَزَقْتَهُمْ مِنَ الطَّيِّبَاتِ وَفَضَّلْتَهُمْ عَلَى

انہیں پاک رزق عطا کیا اور اپنی کثیر مخلوق پر ان کو

كَثِيرٍ مِمَّنْ خَلَقْتَهُمْ تَفْضِيلًا وَخَلَقْتَنِي

فضیلت بخشی اور مجھے بنایا تو نے سننے والا

سَمِيعًا بَصِيرًا صَحِيحًا سَوِيًّا سَالِمًا

آنکھوں والا صحیح اور سلامت بدن والا اور

مُعَافًا وَلَمْ تَشْغَلْنِي بِنُقْصَانٍ فِي

عافیت والا اور نہ تو نے مجھے اپنے بدن کے کسی نقصان میں مبتلا

بَدَنِي وَلَا بِآفَةٍ فِي جَوَارِحِي وَلَمْ تَمْنَعْنِي

کیا ہے اور نہ اعضاء کے کسی آفت پر مشغول کیا ہے اور نہ تو نے مجھ سے بند

كَرَامَتَكَ إِيَّايَ وَحُسْنَ صَنِيعَتِكَ

کیا ہے اپنی کرامت کو اور میرے متعلق حسن کارکردگی کو اور میری

عِنْدِي وَفَضْلَ مَنَائِحِكَ لَدَيَّ وَ

طرف اپنے فضل کے برکتوں اور نعمتوں کو تو وہ ذات

نَعْمَائِكَ عَلَيَّ أَنْتَ اللَّهُ الَّذِي أَوْسَعْتَ

ہے کہ تو نے فراخ کیا ہے مجھ پر رزق

عَلَيَّ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ رِزْقًا وَّاسِعًا

کشادہ دنیا اور آخرت میں فضیلت دی ہے

وَّافِيًا وَّفَضَّلْتَنِيْ عَلٰى كَثِيْرٍ مِّنْ خَلْقِكَ

تو نے مجھے ایسی بے شمار مخلوق پر

تَفْضِيْلًا فَجَعَلْتَ لِيْ سَمْعًا يَّسْمَعُ اٰيَاتِكَ

تو نے مجھے کان دیئے ہیں کہ جن سے میں تیری آیات

وَعَقْلًا يَّفْهَمُ اِيْمَانَكَ وَبَصَرًا يَّرٰى قُدْرَتَكَ

سنتا ہوں اور مجھے مرحمت کیا ایسا عقل جس سے مجھے ایمان بھی آگئی اور دی ہیں مجھے آنکھیں

وَفُؤَادًا يَّعْرِفُ عَظْمَتَكَ وَلِسَانًا يَّنْطِقُ

جن سے میں تیری قدرت کا مشاہدہ کرتا ہوں اور ایسا دل دیا ہے جس سے میں تیری عظمت کو

كَلَامَكَ وَقَلْبًا يَّعْتَقِدُ اِيْمَانَكَ وَتَوْحِيْدَكَ

پہچانتا ہوں اور ایسی زبان دی ہے جو تیری کلام سے گویا ہے اور ایسا قلب ہے جس سے میں ایمان

فَاِنِّيْ بِفَضْلِكَ عَلٰى حَامِدٌ وَّبِتَوْفِيْقِكَ

اور توحید کی حقیقت جانتا ہوں میں تیرے فضل کے سبب تیرے تعریف کے گیت گاتا ہوں اور

اِيَّاكَ ذَاكِرٌ وَّلَكَ نَفْسِيْ شَاكِرَةٌ وَّبِحَقِّكَ

تیری توفیق سے تیرا ذکر کرنے والا ہوں اور میرا نفس تیرا شکر گزار ہے اور تیرے حق کا مشاہدہ کرنے والا ہے

شَاهِدَةٌ فَاِنَّكَ حَيٌّ قَبْلَ كُلِّ حَيٍّ وَّحَيٌّ

بَعْدَ كُلِّ حَيٍّ وَّحَيٌّ بَعْدَ كُلِّ مَيِّتٍ وَّحَيٌّ

زندہ رہے گا جب کہ تمام زندہ مرجائیں گے اور تو ایسا زندہ ہے کہ تو نے

لَمْ تَرِثِ الْحَيْوٰةَ مِنْ كُلِّ حَيٍّ وَّلَمْ تَقْطَعْ

کسی زندہ سے بطور میراث زندگی نہیں حاصل کی اور تیرا خیر مجھ سے کسی وقت بند

خَيْرَكَ عَنِّيْ فِيْ كُلِّ وَقْتٍ وَّلَمْ تَقْطَعْ

نہیں ہوا اور میری امیدیں تیرے ساتھ ہمیشہ وابستہ رہی ہیں پختگی کی سزاوار

رَجَائِيْ قَطُّ وَلَمْ تُنْزِلْ بِيْ عُقُوْبَاتِ النَّقْمِ

مجھ پر کبھی نازل نہیں ہوئیں اور عصمت کی باریکیاں مجھ پر کبھی بند نہیں ہوئیں

وَلَمْ تَمْنَعْ عَنِّيْ دَقَائِقَ الْعِصَمِ وَلَمْ تُغَيِّرْ

اور مجھ پر تیری نعمتوں کے وعدے کبھی برخلاف نہیں ہوئے

عَلَيَّ وَثَائِقَ النِّعَمِ فَلَوْلَمْ اَذْكُرْ مِنْ

پس اگر میں نے نہیں یاد کیا مجھ پر تیرے احسان ہیں

اِحْسَانِكَ عَلَيَّ اِلَّا عَفْوَكَ عَنِّيْ وَالتَّوْفِيْقَ

سے مگر مجھ سے تیری معافی اور میرے لیے تیری توفیق اور

لِيْ وَالْاِسْتِجَابَةَ لِدُعَائِيْ حِيْنَ رَفَعْتُ

میرے دعاؤں کی قبولیت جب کہ میں نے اللہ بلند

صَوْتِيْ بِتَوْحِيْدِكَ يَا اَللّٰهُ وَتَمْجِيْدِكَ وَ

کروں اپنی آواز تیری توحید سے اور تیری تمجید و

تَسْبِيْحِكَ وَتَمْجِيْدِكَ وَتَعْظِيْمِكَ وَ

تسبیح و تمجید و تعظیم و

تَكْبِيْرِكَ وَتَهْلِيْلِكَ وَاِلَّا فِيْ تَقْدِيْرِكَ

تکبیر و تہلیل سے اور دیگر تیرے تقدیر میں

خَلْقِيْ حِيْنَ صَوَّرْتَنِيْ فَاَحْسَنْتَ صُوْرَتِيْ

میری خلقت جو تھی جب کہ تو نے میری صورت بنانی چاہی پس تو نے مجھے حسن صورت

وَاِلَّا فِيْ قِسْمَتِ الْاَرْزَاقِ حِيْنَ قَدَّرْتَهَا

عطا کی اور مگر رزق کے تقسیم کے وقت جب تو نے میرے لیے رزق مقدر کیا

لِيْ لَكَانَ فِيْ ذٰلِكَ مَا يَشْغَلُ شُكْرِيْ

پس میرے شکر نے مجھے اسی کوشش سے مصروف نہیں کیا

عَنْ جُهْدِيْ فَكَيْفَ اِذَا فَكَّرْتُ فِي النِّعَمِ

پس کس طرح میں تیرے بڑے بڑے انعاموں میں لوٹتے ہوئے فکر

الْعِظَامِ الَّتِيْ اَتَقَلَّبُ فِيْهَا وَلَا اَبْلُغُ شُكْرَ

کرتا ہوں اور میں ان میں سے کسی کا شکر ادا نہیں کر سکتا

شَيْءٍ مِّنْهَا فَلَكَ الْحَمْدُ عَلٰى مَكَارِمِكَ

پس تیرے لیے ہے سب تعریف ان بخششوں پر جن کا اندازہ

الَّتِيْ لَا تُحْصٰى عَدَدَ مَا حَفِظَهٗ عِلْمُكَ

نہیں لگایا جا سکتا اتنی تعداد میں جسے تیرا علم محفوظ کر سکے

وَعَدَدَ مَا وَسِعَتْهُ رَحْمَتُكَ ۚ وَعَدَدَ مَآ

اور اتنی تعداد میں جس قدر کہ تیری رحمت وسیع ہے اور اتنی تعداد میں

اَحَاطَتْ بِهٖ قُدْرَتُكَ وَاَضْعَافَ مَا تَسْتَوْجِبُهٗ

کہ جسے تیری قدرت احاطہ کر سکے اور اس تعداد سے کئی گنا زیادہ کہ تو اپنی

مِنْ جَمِيْعِ خَلْقِكَ ○ (ش ك ف ق)

تمام مخلوقات سے اس کا مستوجب اور سزاوار ہے۔

اَللّٰهُمَّ فَتَمِّمْ اِحْسَانَكَ اِلَيَّ فِيْمَا بَقِيَ مِنْ

اے اللہ تو میری بقایا عمر میں مجھ پر اپنے احسانات تمام کر دے جس طرح

عُمُرِيْ كَمَآ اَحْسَنْتَ اِلَيَّ فِيْمَا مَضٰى مِنْهُ ○

تو میری گزری عمر میں مجھ پر احسانات فرماتا رہا ہے۔

(ط ش) اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ وَاَتَوَسَّلُ اِلَيْكَ

اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اور تیری طرف وسیلہ ڈھونڈتا

بِتَوْحِيْدِكَ وَتَمْجِيْدِكَ وَتَحْمِيْدِكَ وَ

ہوں تیری توحید اور تیری تمجید تیری تحمید و

تَهْلِيْلِكَ وَتَكْبِيْرِكَ وَكِبْرِيَآئِكَ وَكَمَالِكَ

تیری تہلیل تیری تکبیر تیری کبریائی تیرے کمال

وَتَعْظِيْمِكَ وَتَقْدِيْسِكَ وَنُوْرِكَ وَجُوْدِكَ

تیری تعظیم تیری تقدیس تیرے نور تیری بخشش

وَرَأْفَتِكَ وَرَحْمَتِكَ وَعُلُوِّكَ وَوَقَارِكَ

تیری نرمی تیری رحمت تیری بلندی تیری عزت

وَعِلْمِكَ وَلِقَائِكَ وَمَنِّكَ وَبَهَائِكَ وَ

تیرے علم تیرے لقاء تیرے احسان تیری روشنی

جَمَالِكَ وَجَلَالِكَ وَسُلْطَانِكَ وَعَظَمَتِكَ

تیرے حسن تیرے جلال تیرے غلبے تیری عظمت

وَقُوَّتِكَ وَقُدْرَتِكَ وَإِحْسَانِكَ وَامْتِنَانِكَ

تیری قوت تیری قدرت تیرے احسان تیری منت

وَعَفْوِكَ وَنَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

تیرے عفو اور تیرے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے

وَسَلَّمَ وَسَائِرِ إِخْوَانِهِ مِنَ الْأَنْبِيَاءِ وَالْمُرْسَلِينَ

اور تیری طرف ان کے تمام بھائیوں یعنی انبیاء اور مرسلین

عَلَيْهِمُ السَّلَامُ وَبِعِتْرَتِهِ الطَّيِّبِينَ الطَّاهِرِينَ

سے اور ان کے تمام پاکیزہ اور طیب اولاد کا وسیلہ

أَنْ لَا تَحْرِمَنِي رِفْدَكَ وَفَضْلَكَ وَجَمَالَكَ

پکڑ کر سوال کرتا ہوں کہ تو مجھے اپنی مہربانیوں اور اپنے فضل اور اپنے

وَجَلَالَكَ وَفَوَائِدَ كَرَامَاتِكَ فَإِنَّهُ لَا

جمال و جلال اور اپنی کرامت کے فائدوں سے مجھے محروم نہ کر کیونکہ

يَعْتَرِيْكَ لِكَثْرَتِ مَا قَدْ نَشَرْتَ بِهٖ مِنَ

تحقیق تجھے اس بات کا عار نہیں کہ کثرت بخشش کے سبب تجھے بخل

الْعَطَايَا عَوَائِقَ الْبُخْلِ فَتُكْدِيْ وَلَا

کی رکاوٹ لاحق ہو اور تجھے اس کا دکھ لاحق

تَنْقُصُ جُوْدَكَ التَّقْصِيْرُ فِيْ شُكْرِ نِعْمَتِكَ

ہو اور تیری نعمتوں کے شکر میں قصور تیری بخشش کو کم

وَلَا يَنْفَدُ خَزَائِنَكَ مَوَاهِبُكَ الْمُتَّسِعَةُ

نہیں کرتا اور نہ تیری وسیع بخششیں تیرے خزانوں کو کم کر

وَلَا تُؤَثِّرُ فِيْ جُوْدِكَ الْعَظِيْمِ ۝ (ش م

سکتی ہیں

ص م) مِنَحُكَ الْفَائِقَةُ الْجَمِيْلَةُ الْجَلِيْلَةُ

اور نہ تیری عظیم الشان سخاوت کو کسی قسم کی جلیل یا جمیل فاقہ متاثر

وَلَا تَخَافُ ضَيْمَ اِمْلَاقٍ فَتُكْدِيَ وَ

کر سکتی ہے اور نہ تجھے بھوک کی تنگی کا خوف لاحق ہوتا ہے کہ تجھے تکلیف پہنچے

لَا يَلْحَقُكَ خَوْفُ عُدْمٍ فَيَنْقُصُ مِنْ

اور نہ تجھے نیستی اور ناداری کا خوف لاحق ہوتا ہے جو تیرے فیض اور فضل کی

جُوْدِكَ فَيْضُ فَضْلِكَ ۝ يَا رَبَّ جِبْرَائِيْلَ

سخاوت میں نقص ڈال سکے اے رب جبرائیل

يَا رَبَّ مِيْكَائِيْلَ يَا رَبَّ اِسْرَافِيْلَ يَا رَبَّ

اے رب میکائیل اے رب اسرافیل اے رب

عِزْرَائِيْلَ يَا رَبَّ مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى

عزرائیل اے رب محمد رسول اللہ صلی اللہ

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَدَدِيْ۔ اَللّٰهُمَّ

علیہ و آلہ وسلم میری مدد کر اے اللہ

ارْزُقْنِيْ قَلْبًا خَاشِعًا خَاضِعًا ضَارِعًا

تو مجھے عطا کر ایسا دل جو ڈرنے والا متواضع اور تضرع کرنے

حَاضِرًا وَّبَدَنًا صَابِرًا وَّيَقِيْنًا صَادِقًا

والا ہو اور تیرا حضوری اور صابر بدن عطا کر اور یقین صادق اور زبان

وَّلِسَانًا ذَاكِرًا وَّحَامِدًا وَّعَيْنًا بَاكِيَةً

ذکر کرنے اور حمد ادا کرنے والی اور آنکھ تیرے خوف اور محبت

وَّرِزْقًا حَلَالًا وَّاسِعًا وَّعِلْمًا نَّافِعًا وَّوَلَدًا

میں رونے والی اور رزق فراخ حلال اور علم نافع اور اولاد

صَالِحًا وَّسِنًّا طَوِيْلًا وَّامْرَاَةً مُّؤْمِنَةً صَالِحَةً

نیک اور عمر دراز اور بیوی عطا کر مومنہ اور نیک

وَّتَوْبَةً مَّقْبُوْلَةً وَّلَا تُؤْمِنِّيْ مَكْرَكَ وَلَا

اور توبہ مقبول عطا کر اور اپنے مکر سے مامون اور فریفتہ

تُنْسِنِيْ ذِكْرَكَ وَلَا تَكْشِفْ عَنِّيْ سِتْرَكَ

نہ کر اور نہ اپنی یاد مجھ سے بھلا اور نہ میرے اوپر سے پردہ اٹھا

وَلَا تُقَنِّطْنِيْ مِنْ رَّحْمَتِكَ وَلَا تُبَعِّدْنِيْ

اور نہ مجھے اپنی رحمت سے ناامید کر اور نہ اپنے پڑوس

مِنْ كَنَفِكَ وَجِوَارِكَ وَاَعِذْنِيْ مِنْ

اور پناہ سے مجھے دور کر اور اپنی ناراضگی اور غضب سے مجھے

سَخَطِكَ وَغَضَبِكَ وَلَا تُؤْيِسْنِيْ مِنْ

پناہ دے اور مجھے اپنی رحمت سے مایوس نہ

رَّحْمَتِكَ وَرَوْحِكَ وَكُنْ لِّيْ اَنِيْسًا مِّنْ

کر اور ہر خوف اور وحشت میں تو میرا مونس ہو اور ہر

كُلِّ رَوْعَةٍ وَّوَحْشَةٍ وَّجَلِيْسًا فِيْ كُلِّ

تنہائی میں تو میرا ہم نشین ہو اور مجھے ہر

وَحْدَةٍ وَّغُرْبَةٍ وَّاعْصِمْنِيْ مِنْ كُلِّ

ہلاکت سے تو محفوظ رکھ اور مجھے تو نجات

هَلَكَةٍ وَّنَجِّنِيْ مِنْ كُلِّ بَلِيَّةٍ وَّاٰفَةٍ وَّ

دے ہر بلا آفت مصیبت

عَاهَةٍ وَّاِهَانَةٍ وَّذِلَّةٍ وَّعِلَّةٍ وَّقِلَّةٍ وَّ

اہانت ذلت علت قلت

مَرَضٍ وَّفَقْرٍ وَّفَاقَةٍ وَّرِيَآءٍ وَّوَبَآءٍ وَّ

مرض اور ہر فقر و فاقہ و ریاء و وباء و

بَلَآءٍ وَّزَلْزَلَةٍ وَّمِحْنَةٍ وَّشِدَّةٍ فِي الدَّارَيْنِ

بلا و خفت و محنت اور شدت سے دونوں جہان میں

وَاِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ۝ (ش ك ق)

اور تو ہرگز وعدہ خلاف نہیں ہے۔

اَللّٰهُمَّ ارْفَعْنِيْ وَلَا تَضَعْنِيْ وَادْفَعْ عَنِّيْ

اے اللہ تو مجھے بلند کر اور نہ پست کر اور مجھ سے بلائیں

وَلَا تَدْفَعْنِيْ وَاَعْطِنِيْ وَلَا تَحْرِمْنِيْ وَ

دفع کر اور مجھے آپ سے دور نہ کر اور مجھے عطا کر اور محروم نہ کر اور

اَكْرِمْنِيْ وَلَا تُهِنِّيْ وَزِدْنِيْ وَلَا تَنْقُصْنِيْ

مجھے مکرم کر اور ذلیل نہ کر اور مجھ پر اپنی نعمتیں زیادہ کر اور کم نہ کر

وَارْحَمْنِيْ وَلَا تُعَذِّبْنِيْ وَانْصُرْنِيْ وَلَا

اور مجھ پر رحم کر اور عذاب نہ کر اور مجھے فتح یاب کر اور شکست

تَخْذُلْنِيْ وَاسْتُرْنِيْ وَلَا تَفْضَحْنِيْ وَ

نہ دے اور مجھے اپنی ستر میں رکھ اور رسوا نہ کر اور مجھے

اٰثِرْنِيْ وَلَا تُؤْثِرْ عَلَيَّ اَحَدًا فِيْ اَمْرِ الدُّنْيَا

ترجیح دے اور کسی کو مجھ پر ترجیح نہ دے نہ دنیا میں اور

وَالْاٰخِرَةِ ۔ اَللّٰهُمَّ فَرِّجْ هَمِّیْ وَاكْشِفْ

نہ آخرت میں ۔ اے اللہ ! میرے واہمات دُور کردے اور میرے غم زائل

غَمِّیْ وَاَهْلِكْ عَدُوِّیْ وَارْزُقْنِیْ خَیْرَ

کردے اور میرے دشمن ہلاک کردے اور دُنیا اور آخرت کی بھلائیاں

الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ

مجھے عطا کردے اپنے رحم اور کرم سے اے تمام رحم کرنے والوں

الرَّاحِمِیْنَ ○ اَللّٰهُمَّ مَا قَدَّرْتَ لِیْ مِنْ اَمْرٍ

سے زیادہ مہربان اے اللہ ہر کام تو نے اپنے امر سے میرے لیے

وَشَرَعْتَ فِیْهِ بِتَوْفِیْقِكَ وَتَیْسِیْرِكَ

قصد کر لیا ہے اور تیری توفیق اعانت سے میں نے اس کام

فَتَمِّمْهُ لِیْ بِاَحْسَنِ الْوُجُوْهِ كُلِّهَا وَ

کو شروع کر لیا ہے پس وہ کام تو احسن اور اصلح اور اصوب

اَصْلَحِهَا وَاَصْوَبِهَا فَاِنَّكَ عَلٰی مَا تَشَآءُ

وجہ سے سرانجام دے کیونکہ تو ہر چیز پر قادر

قَدِیْرٌ ○ وَبِالْاِجَابَةِ جَدِیْرٌ ○ یَا مَنْ

ہے اور قبولیت پر توانا ہے اے وہ ذات

قَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُوْنَ بِاَمْرِهٖ ۔

کہ آسمان اور زمین اس کے امر سے قائم ہیں

يَا مَنْ يُّمْسِكُ السَّمَآءَ اَنْ تَقَعَ عَلَى الْاَرْضِ

اے وہ ذات کہ جس نے آسمان کو زمین پر گرنے سے

اِلَّا بِاِذْنِهٖ يَا مَنْ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَيْئًا اَنْ

روکا ہے مگر اس کے امر سے اے وہ ذات کہ اس کا امر ہے کہ جس کام کا

يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ۝ فَسُبْحٰنَ الَّذِيْ

ارادہ کرے وہ ہو جائے۔ پس پاک ہے وہ ذات کہ

بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝

جس کے ہاتھ میں ہر شے کے عالم ملکوت کی کنجی ہے اور اس کی طرف تمام کا رجوع ہے

وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ سَيِّدِنَا

اور درود ہو اللہ تعالیٰ کا اوپر خلق ہمارے سردار

مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖٓ اَجْمَعِيْنَ ۝

محمدؐ اور اس کے آل اور اصحاب تمام پر

اَلطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا

جو پاک صاف ہیں اور سلام بھیج سب پر بہت

كَثِيْرًا كَثِيْرًا يَّآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ وَيَا

بے شمار اے بہت رحم کرنے والوں میں سے زیادہ رحم کرنے والے

خَيْرَ النَّاصِرِيْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

اور سب سے زیادہ مددگار اور سب تعریف ہے اللہ رب العالمین کو

ختم شد

محمد شبیر قادری



محمد شفیق قادری

Rs. 250/-

شعیب پبلیکیشنز کراچی